وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا

خزینۃ الانساب

مؤلفہ و مرتبہ

مولوی سید ابو العلاء نظر احمد افسوں سہسوانی

یو۔ پی

مطبوعہ نظامی پریس بدایوں (یوپی)

طبع اول ۱۹۵۵ء قیمت فی جلد [illegible]

۵	۴	۳	۲	۱
(۴۱) سید آل احمد شاہ بن ۱۰	(۴۲) سید نذیر احمد شاہ بن ۹	(۴۳) سید آل محمد شاہ بن ۸	ساحر (۴۴) سید اقتدار احمد بن ۷	(۴۵) سید عبد الملک بن ۶
(۳۶) مخدوم میراں سید بن ۱۵	(۳۷) عبد الغفور سید بن ۱۴	(۳۸) محمد عاقل سید بن ۱۳	(۳۹) سید ابو محمد شاہ بن ۱۲	(۴۰) سید نظر محمد شاہ بن ۱۱
(۳۱) میراں بزرگ خواجہ بزرگ بن محمد ہمام معروف بن	(۳۲) خواجہ عطاء اللہ ملک العلما بن ۱۹	(۳۳) قاضی محمد اسماعیل بن ۱۸	(۳۴) رشید سید قاضی عبد الشکور سید بن ۱۷	(۳۵) مفتی محمد فاضل بن ۱۶
(۲۶) خواجہ خطیر اول بن ملقب بہ ۲۵	(۲۷) خواجہ مودود ثانی بن ۲۴	(۲۸) خواجہ عثمان بن ۲۳	(۲۹) خواجہ محمود بن ۲۲	(۳۰) خواجہ خطیر ثانی بن ۲۱
(۲۱) خواجہ زین الدین حسن بن ۳۰	(۲۲) مودود ثانی خواجہ قطب الدین محمد بن ۲۹	(۲۳) خواجہ عبد اللہ مودود بن ۲۸	(۲۴) خواجہ اسد اللہ بن ۲۷	(۲۵) خواجہ اشرف بن ۲۶
(۱۶) خواجہ ابراہیم بن ۳۵	(۱۷) شاہ قندری خواجہ سمعان محمد بن ۳۴	(۱۸) خواجہ ناصر الدین ابو یوسف بن ۳۳	(۱۹) چشتی قطب الدین مودود خواجہ بن ۳۲	(۲۰) خواجہ احمد بن ۳۱
(۱۱) ابو عبد اللہ جعفر بن ۴۰	(۱۲) علی التقی معروف بہ بن ۳۹	(۱۳) عبد اللہ بن ۳۸	(۱۴) سید حسین بن ۳۷	(۱۵) سید محمد قرۃ العین بن ۳۶
(۶) امام جعفر صادق بن ۴۵	(۷) امام موسیٰ کاظم ابن ۴۴	(۸) امام موسیٰ رضا علی بن ۴۳	(۹) امام علی تقی جواد بن ۴۲	(۱۰) امام علی نقی بن ۴۱
(۱) محمد رسول اللہ صلعم	(۲) فاطمہ زہرا بنت	(۳) امام حسین بن	(۴) امام علی زین العابدین بن (علی اصغر)	(۵) امام باقر بن


اِنتساب

میں اس کتاب کو اپنے والد محترم سید آل محمد شاہ مرحوم فاضلی کی روح مقدس سے معنون کرتا ہوں۔ جن کو حالات نسب میں ید طولےٰ و دستگاہ کامل حاصل تھے جن کے گرامی ذات میرے ترتیب و تدوین نسب نامہ کی محرک ہوئی۔

نیازمند

ابوالعلاء نظر احمد سہسوانی
غفرلہٗ

سہسوان
۱۸؍ جولائی سنہ ۱۹۵۹ء



ابوالعلا نظر احمد سہسوانی

گرچہ دیوانہ ہوں لیکن اسقدر با ہوش ہوں ❋ کر رہا ہوں پیش اپنی زندگی کا کل نظام
ہستیٔ موہوم کا اک پیکر خاموش ہوں ❋ پوچھتے ہیں لوگ افسوس کیوں میرا نام و نشاں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

زلافِ حمد و نعت اولیٰ است بر خاک ادب خفتن
سجودے میتواں کردن و درودے میتواں گفتن

امابعد ہیچمرز دو ہیچمدان کمترین خلائق بندۂ جانی و فانی سید ابوالعلاء نظر احمد بن جناب نجابت پناہ سید آل محمد شاہ بن حضرت فضائل مآب حقیقت آگاہ حکیم سید نذیر احمد شاہ فاضلی مودودی نقوی بخشی سہسوانی رحمہما اللہ تعالےٰ بعد اعتراف عجز و ناتوانی خدمت میں جمیع اصحاب صدق و صفا و ارباب فہم و ذکا عرض رسا و نقشبند پیکر مدعا ہے کہ قدیم الایام و عرصۂ دراز سے ضبط انساب اولاد امجاد حضرت قاضی سید عبد الشکور شہید رحمہ اللہ کا جو سادات مودودیہ سہسوان کے ابوالآباء و مورثِ اعلیٰ ہیں خاندان پیرزادگان میں جو آنحضرت سے انتساب ذرّیت رکھتے ہیں جاری تھا جس کو وہ نسلاً بعد نسلاً درج قرطاس کرتے رہتے تھے یہانتک کہ تیرھویں صدی ہجری میں جناب پیرجی سید کرم نبی حاکمی نے اپنے اسلاف کی منتشر و پریشان اوراق کو یکجا شیرازہ بند بصورت کتاب مرتب فرمادیا اور ہر خاندان اور شاخ کو مربوط و منظم کر کے مدون کر دیا اس کے بعد یہ سلسلہ نسب نامہ لکھنے کا آپ کی اولاد نے اپنی ناواقفیت یا مشغولیت امور دنیاوی کی وجہ سے ختم کر دیا۔ مگر پیرجی صاحب موصوف کا مرتب کردہ نسب نامہ برادری میں اسقدر مقبول و مشہور و معتبر قرار پایا کہ برادری کے افراد کو جب کبھی ضرورت پڑتی اسی سے امداد حاصل کرتے جس کو پیرجی صاحب موصوف کی اولاد نے حرزِ جان بناکر محفوظ رکھا تھا۔ اس کے بعد میرے والد ماجد نے پیرجی صاحب مذکور کے پوتے جناب پیرجی زکی محمد مرحوم سے عاریتاً لیکر ۱۸۹۹ء میں نقل فرمالیا میں باوجود صغرسنی و طالب علمی کے کبھی بحیثیت قاری کبھی بحیثیت کاتب اس کی نقل میں اپنے والد مرحوم کا ممد و معاون رہا۔ اسی طرح برادری کے بعض دیگر حضرات نے بھی اس کی نقلیں کرلیں یوں تو خاندان کے اکثر افراد نے اپنی شاخ کو بشکل شجرہ بنا رکھا تھا اس کی ایک مدت کے بعد والد ماجد کی حیات ہی میں مجھے یہ خیال پیدا ہوا کہ موجودہ نسب نامہ آگے بڑھایا جائے اور موجودہ ذرّیت اور دور و دراز مقامات پر جا بسنے والے خاندانی حضرات اور ان کے حالات کو مربوط کر کے نسب نامہ کی تکمیل کر کے طبع کرادیا جائے چنانچہ اس کی تکمیل کے لیے سب سے پہلے میں نے جناب میر خلیل احمد مرحوم و حکیم کریم احمد مرحوم و مولوی عبد الرحمٰن مرحوم کی نقول نسب نامہ حاصل کیں جن سے اپنی پاس کی نقل سے مطابقت پیدا کی اور اس خاندان کے ان افراد سے جو بہ سلسلہ ملازمت و معاش یا کسی اور وجہ سے سہسوان سے باہر قیام پذیر تھے سلسلہ خط و کتابت جاری کر دیا اسی اثناء میں مجھے پیرجی فیاض علی مرحوم کا مرتب کردہ نسب نامہ بھی ان کے پوتے عزیز احمد مرحوم سے مل گیا جنھوں نے اپنی شاخ کو بالخصوص تفصیل کے ساتھ مرتب کر رکھا تھا غرضکہ مجھے ان نقول سے بہت کچھ امداد ملی ادھر موجودہ زمانہ کے بعض بزرگوں سے معلومات میں اضافہ ہوتا رہا غرضکہ اس کام کو میں نے

اللہ تعالیٰ کے بھروسہ پر شروع کر دیا اور دس بارہ سال کی مدت میں پایۂ تکمیل کو پہونچا دیا یہاں تک کہ بعض بزرگوں نے اس کی تالیف و طباعت کی قطعات تاریخ بھی مجھے لکھ کر مرحمت فرما دیئے چونکہ اب وہ بزرگ دُنیا سے رخصت ہو چکے ہیں اُن کے قطعات کو بھی درج کتاب کر دینا مناسب ہوگا۔

اسی درمیان یعنی سال سنہ ۱۳۶۵ ہجری میں والد مرحوم کا انتقال ہو گیا اور میں قلبی و دماغی پریشانیوں میں مبتلا ہو گیا جس کی وجہ سے کتاب کی طباعت التوا میں پڑ گئی اور اس کی کاپی میرے پاس بطور رجان عزیز محفوظ رکھی رہی جس میں وقتاً فوقتاً میں کچھ تحقیقاتی اضافہ ہی کرتا رہا۔ اب ادھر آکر ملکی تقسیم اور پاکستان بنجانے کے سبب سے برادری کے بیشتر افراد مع اہل و عیال بغرض روزگار پاکستان چلے گئے جن کو نسب نامہ کی ضرورت کا احساس پیدا ہوا ان میں سے کچھ نوجوان طبقہ نے اس کی طباعت کی مزید تحریک کی اور خطوط کے ذریعہ اور ان اطراف کے آنیوالے حضرات کے ذریعہ زبانی مجھ پر زور ڈالا کہ میں نسب نامہ طبع کرا دوں مگر میں اپنی پیرانہ سالی اور درد گردہ و نقرس کے سبب ہاتھ میں رعشہ سا پیدا ہو جانے کے سبب گریز کرتا رہا لیکن موضوع کی اہمیت اور اعزاء دور از وطن کی مزید اصرار کو پیش نظر رکھتے ہوئے مجھ ضعیف و ناتواں کو حکم کی تعمیل پر سر تسلیم خم کرنی اور اس دور کی جدید ذریت کو درج نسب نامہ کرنے کے دوبارہ کوشش کرنی پڑی۔ یہاں یہ بتا دینا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ چونکہ بزرگی سید کرم نبی مرحوم کا اصل نسب نامہ جو میری اس کتاب کا منوال ہی فارسی زبان میں تھا مجھے بھی اس ہی زبان میں ترتیب دینا اور تدوین کرنا پڑا تھا لیکن اب عام لوگوں کی اس زبان سے ناآشنائی اور وقتی لحاظ سے علم کی کساد بازاری کے سبب برادری کے اکثر افراد کی فرمائش پر کتاب کو اردو اپنی مادری زبان میں منتقل کرنا پڑا جس کی مشکلات اور دشواریوں کا اندازہ صرف ترجمہ نگار اصحاب ہی کر سکتے ہیں اب میں بمصداق من لم یشکر الناس لم یشکر اللہ عزیزی سید شہزاد علی صاحب ابن میر احفاد علی مرحوم کا جو تحقیق نسب کے لئے محلہ بہ محلہ میرے ہمراہ چلتے پھرتے اور مجھے امداد دیتے رہے اور سید ذوار حسین امروہوی کا جو خطوط و مکاتیب کے ذریعہ مقاصد و مطالب کتاب میں میری اعانت و امداد فرماتے رہے بہ صمیم قلب شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ اس کے بعد اپنی برادری کے جملہ حضرات سے درخواست کروں گا کہ اگر وہ کتاب ہذا میں کوئی غلطی پائیں تو اسے میرے کسی حسد و تعصب پر محمول نہ فرمائیں بلکہ میری لاعلمی و سہو نسیاں پر محمول کریں میں خدائے قدوس کو گواہ کر کے کہتا ہوں کہ کسی خاندان یا کسی شاخ میں کسی جگہ حسد و تعصب کو ہیش نہیں ہونے دیا نہ اس قسم کا کوئی خیال پیدا ہوا اوپر کے درجات میں جو کچھ اصل نسب نامہ میں ارقام ہے بجنسہٖ اُس کو قلمبند کر دیا گیا ہے ہاں جس جگہ مجھے تعارض معلوم ہوا اس کو اپنی جانب سے بطور حاشیہ ظاہر کر دیا گیا ہے اصل کتاب صرف نسب نامہ تک محدود تھی اس میں اب حالات سوال و تحقیقات نسب شرعی حیثیت سے یا شجرے وغیرہ جو کچھ بھی ہیں وہ ایجاد بندہ اور میری دماغی کاوش کا نتیجہ ہیں۔ آخر میں بدرگاہ خداوند تعالیٰ دُعا کرتا ہوں کہ میری کوشش مقبول اور میری سعی کو مشکور فرمائے اور کتاب کو خزینۃ الانساب کے ساتھ موسوم کرتا ہوں اور اس کو ایک مقدمہ اور پانچ باب و خاتمہ پر تقسیم کرتا ہوں۔

مقدمہ اس میں تین فصل ہیں **فصل اوّل** دربیان حالات سہسوان ۔ یہ تقریباً کم و بیش پچیس ہزار کی آبادی کا شہر ہے جو روہیلکھنڈ کے جنوب و مغرب گوشہ میں گنگا سے سات میل بہ طرف شمال مابین اضلاع بریلی و بلند شہر و مراد آباد و علی گڑھ واقع ہے اور ہر چہار طرف سے ہموار و بلند و شاداب زمین پر آباد ہے یہاں اور اس کے مضافات کے کنوؤں کا پانی بالعموم سرد و لذیذ اور شیریں ہے اور منظر پُر فضا و دلکش ہے اور آب و ہوا معتدل ہے یہاں خود رو کیوڑہ کے درخت بہت ہیں جن کے پھولوں کا عرق کشید کیا جاتا ہے جس کی خوشبو بلحاظ پائیداری بنگال و حیدر آباد کے عرق کیوڑہ پر فوقیت رکھتی ہے روغن چنبیلی اور بعض عطریات کی صنعت و تیاری کی وجہ سے دیگر شہروں میں یہ مشہور و معروف ہے۔ یہاں کے باشندے عموماً تندرست صحیح دماغ معتدل مزاج و لطیف الخیال ہیں اپنے جودت طبع و ذہانت کی وجہ سے تمام علوم و فنون لطیفہ سے پوری مناسبت رکھتے ہیں یہ شہر بہ زمانہ قدیم بعض راجگان ہنود کا پایہ تخت تھا جس کے شاہد و گواہ وسط شہر میں دو طویل و عریض و بلند ٹیلے موجود ہیں جو کوٹ کے نام سے مشہور ہیں جن کے نیچے سے کبھی کبھی نصف گز طویل اور چوتھائی گز عریض پختہ اینٹیں بھی نکلتی ہیں اور ان ٹیلوں کے نیچے ایک جھیل بھی جاری ہے جس کو ڈھنڈ کہتے ہیں جو ایک دو میل کی مسافت پر جھاوا ندی سے ملحق ہو جاتی ہے معلوم ہوتا ہے کہ قلعہ کے نیچے نہر جاری کی گئی ہوگی اب اس میں خود رو نیلوفر و کنول و بھسینڈا سنگھاڑا وغیرہ بکثرت پیدا ہوتے ہیں اور اس کے بالائی حصہ کی ہر دو طرف کی زمین پر زراعت ہوتی ہے ۔ اس شہر کے جنوب دریائے گنگ سے قریب مہادیو تیرتھ گاہ قصبہ سوروں اور بجانب شمال و مشرق دس بارہ میل کے فاصلہ پر موضع کوٹ واقع ہے یہ دونوں مقام بھی راجگان ہنود کے پایہ تخت اور راجدھانی تھے یہ موضع کوٹ جو اس وقت ایک چھوٹا سا گاؤں ہے حضرت مسیح علیہ السلام کی ولادت سے پانچسو سال قبل ایک شہر آباد تھا اور خاندان سورج بنسی کے راجہ سمندر پال کی بنی راجہ سالباہن کا پایہ تخت تھا جس کی حکومت شہر قنوج پر بھی قائم تھی جس نے اس کو بھی راجدھانی بنا لیا تھا پھر یہ شہر کوٹ سالباہن کے نام سے شہرت پا گیا۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ راجہ سالباہن کے خالو پرسرام جو اس کی فوج کا سپہ سالار بھی تھا اور راجہ سہسوان کے مابین قدیم سے کچھ عداوت تھی جس کی بناء پر پرس رام نے سہسوان پر حملہ کر دیا اور یہاں کے شاہی محلات و قلعہ کو مسمار و غارت کر دیا۔ سہسوان کی وجہ تسمیہ میں لوگ مختلف خیال ہیں بعض کہتے ہیں کہ کوئی سہنسر باہو راجہ تھا جس نے اس کو آباد کیا تھا اس کے نام پر شہر کا نام سہنسر باہو قرار پایا جو مدت اولی ایام سے سہسوان ہو گیا اور کچھ لوگ یہ کہتے ہیں کہ اصل نام شیوستان تھا جو مرکب ہے شیو اور استان سے شیو ہنود کے دیوتا کا نام ہے اور استان بمعنی جائیگاہ ۔ بوجہ کثرت استعمال ایسے سہسوان بن گیا۔ بعض کا کہنا ہے کہ یہ سہ سوانہ سے مرکب ہے کیونکہ شہر کی تقسیم چہار پردہ و بلکہ تکیہ اور پٹی لقین محمد پر ہے گویا شہر کے اطراف تین حصوں میں منقسم ہیں اس لئے نام سہسوان قرار دیا گیا اور ایک گروہ اس طرف ہے کہ راجہ سالباہن کی اولاد میں سے کسی سہنسر باہن نامی راجہ نے اس کو آباد کیا تھا اور اپنے نام پر شہر کا نام رکھا تھا جس نے کثرت استعمال و مدت اولی ایام سے بگڑ کر بصورت سہسوان اختیار کر لی واللہ اعلم

بحقیقۃ الحال، شہر سے تقریباً ایک میل کے فاصلہ پر بجانب شمال و مشرق ایک چشمہ آب ہے جس کو سُوتجلکنڈ بتایا جاتا ہے جو ہرسوتھ کے نام سے مشہور ہے کہ اس کا مربع حوض جو سُرخ پتھر سے بنا ہوا ہے اور جس کے چاروں گوشوں پر بطور قبہ تعمیر ہے اور مہنت اور پجاری یا جاتری آنیوالوں کے لئے ایک پختہ دالان بھی بنا ہوا ہے راجہ سہنسر باہن کی یادگار ہے جس سے متعلق ایک معافی بھی ہے جو اورنگ زیب بادشاہ کی عطا کردہ ہے جس کا فرمان اصل پجاری کی اولاد کے پاس موجود ہے یہ ہرسوتھ ہندو کے نزدیک ایک متبرک مقام ہے جہاں سالانہ اکادشی کا میلہ بھی ہوتا ہے اور ہر سال تحویل آفتاب کے وقت یعنی ماہ چیت میں گرد و نواح سے آکر اشنان یعنی غسل کرتے ہیں اور ذریعہ نجات سمجھتے ہیں کہا جاتا ہے کہ اس میں پانی کے سات سوت جاری ہیں اور اس میں سے ہمیشہ نالے کے ذریعہ پانی نکلتا اور ڈھنڈ میں جاتا رہتا ہے ٹھاکران بیس چوراجانی نسل سے بتائے جاتے ہیں مضافاتِ شہر میں بکثرت آباد ہیں اور اکثر حصہ ان کا زمانہ قدیم میں حلقہ بگوش اسلام ہو چکا ہے وہ مجموعہ دیہات جہاں یہ لوگ آباد ہیں بیسواڑہ بولا جاتا ہے اور ان لوگوں کو جو مشرف بہ اسلام ہو چکے ہیں گرہار کہا جاتا ہے ان کی سکونت کی دیہات کا آغاز شہر کے جنوب و مغرب میں تقریباً تین میل اور مہادا ندی سے ڈیڑھ میل کے فاصلہ سے ہو جاتا ہے۔ چونکہ محمد شہاب الدین غوری کے حملات سے ہندوستان کی کوئی جگہ مصئون و محفوظ نہیں رہی تھی شہر قنوج بھی ان کی نذر ہو گیا یہاں تک کہ شہاب الدین غوری نے اس کو بھی فتح کر کے اپنے قلمرو میں داخل کر لیا اس کے بعد شہاب الدین غوری کی لاپرواہی دیکھ کر یہاں کے بعض رجواڑوں نے پھر خود کو آزاد و مستبد کر لیا اس کے بعد سلطان علاء الدین خلجی نے پھر ان کو مطیع و منقاد کر کے باجگزار و زبردست سلطنت بنا لیا اور ہر گوشہ ہند میں اپنا علم حکومت بلند کر دیا انہی ایام میں کہ لوگوں پر ملک تنگ ہو چکا تھا اکثر قومیں اپنے وطن مالوف کو خیرباد کہہ کے دیگر مقامات میں جہاں امن پایا جا بسیں اور آباد ہو گئیں از انجملہ قوم ویش ہے جو مختلف مقامات سے آکر کول علی گڈھ میں آباد ہو گئی اور وہاں سے سہسوان آکر سکونت پذیر ہو گئی اسی وجہ سے یہ ویش اپنے کو ہیش کولوار کہتے ہیں اسی طرح دوسری قوموں کا حال ہے جو اطراف سے آکر سہسوان میں اقامت پذیر ہو گئی ہیں۔ پس قدیم سہسوان کی تاریخ در اصل پردۂ خفا میں مستور ہے کتب تاریخ سے اس کا صحیح پتہ نہیں چلتا مگر بعض حالات لوگوں کی زبانوں سے ضرور سُنے جاتے ہیں لیکن قابل اعتماد نہیں۔ بادشاہان اسلام کے کچھ واقعات و حالات جو ان اطراف کے ممالک سے تعلق رکھتے ہیں کتب تواریخ میں ضرور پائے جاتے ہیں لیکن وہ اس قدر غیر مربوط ہیں جو استخراج نتائج و اصل معاملہ میں کوئی مدد نہیں پہونچاتے مثلاً محمد شاہ بادشاہ کا یہاں آنا تاریخ سے ثابت ہوتا ہے لیکن آنے کا سبب معلوم نہیں اسی طرح علاء الدین خلجی کا سہسوان میں قلعہ بنوانیکا ارادہ مع پتھر کے کتبہ سے[۲]

---

[۱] تفصیل ان واقعات و حالات کی تاریخ سہسوان غیر مطبوعہ مولفہ حضرت مولوی سید اعجاز احمد صاحب سہسوانی میں درج ہے ۱۲ سید رضی احمد برادر مولف

[۲] یہ کتبہ تقریباً ڈیڑھ گز طویل سفید پتھر پر بحروف بدنت طغرائی کندہ ہے جس کی عبارت یہ ہے "بنا ایں حصن رفیع الارکان از برائے مامن اہل ایمان بفرمان مجلس عالی خدایگان زبدۂ سلاطین جہاں سایۂ رحمن علاء الدنیا والدین الواثق بنصر اللہ المجاہد فی سبیل اللہ ابو المظفر محمد شاہ السلطان ناصر امیر المومنین خلد اللہ ملکہ بتاریخ غرہ جمادی الاولیٰ روز جمعہ مبارک بر سال ہفت صد سال از ہجرت نبی علیہ السلام و التحیۃ) ۱۲ سید رضی احمد برادر مولف

معلوم ہوتا ہے جو اب تک مسجد جامع سہسوان کی شرقی دیوار میں بغرض حفاظت نصب کرا دیا ہے۔ بخوبی معلوم ہوتا ہے لیکن اس سے آگے اور کچھ پتہ نہیں چلتا یا مثلاً ۹۸۶ھ ہجری میں بعہد اکبری قلیچ علی خان چوگان بیگی کی صوبیداری کے زمانہ میں مُلّا عبد القادر بدایونی کا یہاں آنا اور قیام کرنا سیر و تاریخ کی کتابوں سے ثابت ہے لیکن سہسوان میں آکر قیام کرنے کا سبب معلوم نہیں ہوتا غرضکہ اس قسم کے بہت سے واقعات ہیں جن سے شاہان اسلام کی سہسوان کے ساتھ تعلقات کا پتہ چلتا ہے لیکن ان کی پوری کیفیت جس سے کوئی صحیح نتیجہ برآمد کیا جا سکے پردۂ خفا میں ہے مثلاً اورنگ زیب شاہ عالمگیر کے سہسوان سے تعلقات کا پتہ ان شاہانہ فرامین سے بخوبی چلتا ہے جو رائے نرائن شنکر صاحب کی مورثان کے نام بہ سلسلۂ خوشنودی شکار طیور و عطائے معافیات کے بارے میں صادر ہوئے ہیں اور اب تک رائے صاحب کی اولاد کے پاس محفوظ ہیں جن کو موقعہ پر درج کتاب کیا جائے گا البتہ آبادی محلہ اکبر آباد بادشاہ اکبر کے نام پر یا تعمیر محلہ جہانگیر آباد بنام جہانگیر بادشاہ اس امر کا ضرور پتہ دیتی ہے کہ قوم کایستھ باشندگان سہسوان یہاں کے قدیمی باشندہ ہیں جن کو شاہی دفاتر میں کافی درخور تھا اور یہ لوگ حکومت میں معزز و ممتاز عہدوں پر مامور و سرفراز تھے اور حکومت کے وفادار ملازم رہے ہیں۔

پس سلاطین اسلام کے زمانہ میں مسلمان قوموں میں سے سب سے اول شیوخ زبیری اور لنگاہ پٹھان یہاں آکر آباد ہوئے جو دولتمند و مالدار بھی تھے اور ان کی چودہراہٹ و حکومت تمام شہر پر قائم تھی ان کے بعد شیوخ قریشی اور بھٹی پٹھان فروکش ہوئے اور بعض مغل گھرانے جو یہاں پائے جاتے ہیں ان کے متعلق میرا خیال یہ ہے کہ وہ یا تو قلیچ علی خان چوگان بیگی کی نسل سے ہیں یا اُن کی وجہ سے دیگر مقامات سے آکر آباد ہو گئے ہیں اس کے بعد بعہد سلطنت سکندر بن بہلول ۹۰۶ھ ہجری میں سادات سہسوان کی جد امجد و مورث اعلیٰ بہ سلسلۂ ملازمت عہدہ قضا پر یہاں آکر سکونت پذیر ہو گئے غرض کہ یہاں مسلمانوں میں سادات نبی فاطمہ و شیوخ صدیقی و فاروقی و عباسی و انصاری و زبیری و قریشی و پٹھان آباد ہیں اور اقوام ہنود میں سے کایستھ و برہمن و ویش ان کے علاوہ دیگر اہل حرفہ مگر ان قوموں کے یہاں آکر فروکش و آباد ہونے کے زمانہ کا تقدم و تاخر کچھ تاریخی ہے مگر زائد تر قیاسی۔ اوائل سلطنت انگلیشیہ میں اعتدال آب و ہوا و دلربائی و دلکشی مناظر کی وجہ سے سہسوان کو ضلع بنا دیا گیا تھا بدایوں اس کے تابع تھا لیکن کمشنر کی مستقر و قیام گاہ بریلی سے دور ہونے کے سبب ۱۸۳۲ء میں دفتر بدایوں منتقل کر کے اس کو ضلع بنا دیا گیا۔ یہاں کے ہنود و مسلمانوں کا تناسب تقریباً ایک و دو کی نسبت رکھتا ہے یعنی مسلمان دو تہائی اور ہنود ایک تہائی ہیں یہاں کی میونسپلٹی کے ممبران کی تعداد بیس ہے جو تمام شہر کی نمائندگی کرتے ہیں اس لحاظ سے شہر سات حلقوں میں منقسم ہے حلقہ ۱ جس میں قاضی محلہ و بیچی یقین محمد و محی الدین پور محلہ جات واقع ہیں۔ حلقہ ۲ میں ملاں ٹولہ۔ بدریہ دہلیتر ہرنا نکیہ۔ رستم ٹولہ۔ مردھہ ٹولہ واقع ہیں۔ حلقہ ۳ جس میں پٹھان ٹولہ چودھری محلہ۔ چاہ شیریں۔ ولسن گنج و نصر اللہ گنج واقع ہیں۔ حلقہ ۴ میں علیشی پور فوادہ۔ اکبر آباد جہانگیر آباد

نیا گنج محلے ہیں۔ حلقہ ۵ میں کٹرہ و غربی حصہ شہباز پور رکھا گیا ہے۔ حلقہ ۶ میں شرقی حصہ شہباز پور ہے۔ حلقہ ۷ میں سیف اللہ گنج و گوپال گنج دو محلے ہیں۔ یہاں کی آبادی منتشر ہے یکجائی نہیں ہے اور یہاں ضروریات تمدن و شہریت کے لحاظ سے باستثناء ریل گاڑی کے ہر چیز موجود ہے دفاتر سرکاری و محکمہ جات حکومت میں سے تھانہ، شفاخانہ، ڈاکخانہ اور شفاخانہ مویشی و کوڑی تحصیل و عدالت منصفی جو اب بدایوں کو منتقل کر دی گئی و محکمہ رجسٹری و مدارس میں سے علاوہ چند پرائمری اسکولوں کے ورناکیولر مڈل اسکول اور ایک انگلش ہائی اسکول بھی موجود ہے یہیں یہاں کے مجمل و مختصر حالات جو کچھ کتب تواریخ سے اقتباس کر کے لکھے گئے اور کچھ زبانوں پر مذکور تھے درج کیئے گئے باقی یہاں کے علماء و فضلاء کے حالات کتاب حیوۃ العلماء مولفہ عم مکرم مولوی سید عبد الباقی مرحوم میں درج ہیں جو چھپ چکی ہے اس میں دیکھیے۔

یہاں یہ بتا دینا اور لکھ دینا بھی ضروری ہے کہ ۱۸۵۷ء میں جو غدر کے نام سے مشہور ہے دیگر مقامات کی طرح سہسوان بھی ہلاکت آفرینیوں و تباہ کاریوں کا شکار ہو چکا ہے اور انگریزی افواج کے مظالم کا آماجگاہ رہ چکا ہے جس کی خونچکاں داستان ابتک لوگوں کی زبانوں پر موجود ہے یہاں کے بہت سے لوگ حکومت اودھ کی ملازمت کرنے اور نوابی سے گونہ تعلق رکھنے کی پاداش میں گرفتار کر کے گولی کا نشانہ بنائے گئے اور کچھ کالا پانی بھیج دیئے گئے جن میں بے گناہ لوگ بھی تھے جو محض جھوٹی مخبری پر پکڑ لئے گئے تھے۔ کچھ لوگ اودھ کی فوج میں ملازم ہونے کی وجہ سے جنگ کرتے ہوئے شہید ہو گئے جنہیں سے سید واحد علی بن میر وجہ اللہ کا نام ہمکو یاد ہے۔ اس کے بعد انگریزوں کا تسلط ہو جانے پر عام طور سے دار و گیر کا سلسلہ جب جاری ہوا تو اکثر لوگوں کو باغی قرار دیکر ان کی املاک و جائداد کو ضبط کر لیا گیا اور ان کے مکانات کو باروت و توپوں سے اڑایا گیا چنانچہ کلکٹر سید محمد حسین خاں و کپتان سید فدا حسین خاں کے مکانات واقع قاضی محلہ کو باروت کی تھیلیاں رکھ کر اور توپ سے اڑایا گیا جن کے کھنڈرات اپنی تباہی و بربادی پر ابتک نوحہ خواں ہیں یہ دونوں بھائی شہزادہ برجیس قدر کی فوج میں انگریزوں سے جنگ کرتے ہوئے فوجی کمک و راشن نہ پہونچنے کے سبب شکست خوردہ حالت میں نیپال کے دامن تک جا پہونچے اور وہاں روپوش ہو گئے جو ملکہ وکٹوریہ کے عام اعلان عفو کے بعد ظاہر ہو گئے اور اس طرح زندہ بچ رہے۔ سید اکرام اللہ حاکمی اور مولوی ولایت حسین از اولاد مولانا شرف علی مرحوم کو کالے پانی بھیجدیا گیا اور ان کی املاک کو ضبط کر لیا گیا۔ اور انہیں اشخاص کو گرفتار کر کے مشہور مقام دو املیوں کے نیچے گولی کا نشانہ بنایا گیا ان شہداء میں سے چند اصحاب کے اسماء مندرجہ ذیل ہیں:-

سید رونق حسین و سید غالب حسین پسران سید یوسف علی و سید نیاز احمد پسر سید آل احمد شاہ و سید امام علی و شیخ نیاز حسن و شیخ عزیز حسن ساکنان قاضی محلہ و سید سرفراز علی ساکن محلہ محی الدین پور و غلام قادر خاں ساکن بنی التقیین محمد و چودھری وزیر الدین ساکن چودھری محلہ و خدا بخش چودھری قصابان

ساکن پٹھان ٹولہ وحید رخاں پٹھان ساکن محلہ شہباز پور ان کے علاوہ اور لوگ بھی تھے جو اس طرح شہید کئے گئے جن میں ایک قوم گدی اور ایک شخص قوم نداف بھی تھا جو گولی نہ لگنے کی وجہ سے زندہ بچ رہا تھا غرض کہ بیس۲۰ آدمی تھے جن کو گولی سے اڑایا گیا تھا۔ جتنے لوگوں کے نام ہمکو یاد تھے قلمبند کر دیئے گئے باقی ہماری یاد سے باہر ہیں اب کوئی ایسی معمر ہستی بھی نہیں جس سے ہم دریافت کر سکیں غرضکہ ہمارا شہر سہسوان بھی غدر کی لپٹ میں اچھی طرح آچکا ہے جس کی یاد ابتک تازہ ہے۔

اس کے بعد ہمکو ناظرین کتاب کے لئے یہ بتا دینا بھی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ نسب نامہ لکھنے میں کسی شخص یا کسی شخص کی اولاد میں عمر کی تفاوت و تقدم و تاخیر کا لحاظ نہیں رکھا گیا ہے یہ ممکن ہے کہ کسی چھوٹے بھائی یا اسکی اولاد کا نکاح یا سلسلہ نسب پہلے مذکور ہوا اور بڑے کا بعد میں کیونکہ اس قسم کی تلاش وجستجو دشوار قریب محال تھی اور یہ بھی ممکن ہے کہ بعض اصحاب اور ان کی اولاد کے ناموں میں الٹ پھیر ہو گئی ہو یا علی کی جگہ حسن اور حسن کی جگہ حسین لکھ گیا ہو یا اور اس قسم کی کوئی کمی زیادتی ہو گئی ہو باوجود سعی بسیار ایسی غلطی ہو جانا قرین قیاس ہے اوسکی اصلاح فرمالینی چاہئے بعض سلاسل سے کوئی شاخ منقطع نظر آئے گی یعنی کسی کے نکاح یا اولاد کا ذکر نہ ہوگا وہاں یہ سمجھ لینا چاہئے کہ ایسا شخص ناکتخدا فوت ہو گیا یا کم از کم اس کا صحیح و محقق حال مؤلف کو دریافت نہ ہو سکا۔ ہر شخص کو نسب نامہ میں اس طرح تلاش کرنا چاہئے کہ جو شخص صالحی۔ قاسمی۔ فاضلی۔ حالمی۔ ہاشمی پانچ باب میں سے جس باب سے تعلق رکھتے ہوں اوسی باب کے شجرہ میں پہلے اپنے نام کو دیکھ کر نسب نامہ کے اس ہی باب میں تلاش کر لینا چاہئے اور اگر کسی شخص کو یہ بھی نہ معلوم ہو کہ میں کس باب سے تعلق رکھتا ہوں یعنی یہ معلوم نہ ہو کہ میں صالحی یا فاضلی وغیرہ کون ہوں تو ایسے شخص کو تمام منسلکہ شجرہ پر نظر ڈال کر اپنا نام دیکھنا چاہئے بس اسی کے ذریعہ نسب نامہ میں اپنی شاخ کو تلاش کر کے تفصیل دیکھنی چاہئے۔ شجروں کو دیکھنے کے لئے اوپر کی طویل کشیدہ سیاہ سطور کو بغور و توجہ دیکھ اور سمجھ لینا چاہئے۔ اب آخر میں عرض کروں گا کہ میں اپنے دو عزیزان سید حمزہ علی صاحب و حکیم عبد القوی صاحب سلمہا اللہ کا ممنون ہوں کہ جنھوں نے طباعت کتاب میں میری اعانت و امداد فرمائی اسی طرح سے نور چشم سید محمد عامر مد عمرہ کی کوشش کو بھی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہوں جنھوں نے کراچی میں فراہمی زر چندہ میں اپنا وقت صرف کیا خدا تعالیٰ العزیز کو نیک توفیق عطا فرماتا رہے فقط

فصل دوم در علم نسب - یہ علم ایک ایسا علم ہے جس میں بہت سے فائدے اور منافع پائے جاتے ہیں مثلاً حقوق قرابت و صلہ رحم کہ جن کی مراعات مسلمان پر واجب ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ آلہ وسلم نے فرمایا ہے[1] تعلموا من انسابکم ما تصلون بہ ارحامکم فان صلۃ الرحم محبۃ فی الاھل مثراۃ فی المال منساۃ فی الاثر رواہ الترمذی۔

[1] ترجمہ: تم اپنی رشتہ داریوں کو پہچانو اور علم نسب حاصل کرو کیونکہ قرابت کی پاسداری اور صلہ رحمی سے باہم محبت پیدا ہوتی ہے اور مال میں زیادتی اور اجل میں تاخیر ہوتی ہے۔

پس مطلق امر مفاد صیغہ امر وجوب ہے اس لئے بموجب اس حدیث کی تحصیل علم نسب واجب ہے اور اس سے ناواقفیت میں نقصانات و مضرتیں بہت ہیں مثلاً قطعیت رحم یا انتساب الی غیر الاباء کہ لوگ بغیر سوچے سمجھے اور بلا تحقیق جس نسب میں چاہتے ہیں خود کو بتا دیتے ہیں لوگ عام طور سے بلا تحقیق اپنے کو زمرۂ سادات میں داخل کر دیتے ہیں یا مثلاً خواہ مخواہ اپنے کو انصاری کہہ دیتے ہیں حالانکہ اس بارے میں رسول اللہ علیہ وآلہ وسلم سے شدید وعید وارد ہوئی ہے اور آپ نے سخت تہدید فرمائی ہے چنانچہ بخاری و مسلم میں روایت ہے ۱ من ادعی قوما لیس لہ فیھم نسب فلیتبوأ مقعدہ فی النار اور دوسری روایت میں فالجنۃ علیہ حرام اور تیسری روایت میں فعلیہ لعنۃ اللہ المتتابعۃ الی یوم القیامہ آیا ہے۔ پس کون بدبخت ہے جو ارشاد رسالت مآب کے خلاف بلا تحقیق اپنے کو سید کہے یا انصاری بتائے اگرچہ عز وجل کی آیت ۲ انا خلقناکم من ذکر و انثی وجعلناکم شعوبا وقبائل لتعارفوا ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم و کل امر بما ھو دھین کرامت پرہیزگاری و تقویٰ پر موقوف ہو اور اکتساب فضائل، و اجتناب رذائل کا نتیجہ ہے جس کو شرافت نفس کہا جاتا ہے اور یہی سب سے اعلیٰ و افضل ہے اور اسی کو اسلام نے اصل قرار دیا ہے لیکن شرافت نسب و آبا اگرچہ ظلی ہے تاہم قابل لحاظ ہے جس کی نگہداشت قدرے واجب بمنطوق آیۂ شریفہ ۳ والذین آمنوا واتبعتھم ذریتھم بایمان الحقنا بھم ذریتھم وما التناھم من عملھم من شیء خاص فضیلت رکھتی ہے یہی وجہ ہے کہ تمام محدثین و فقہائے متقدمین و متاخرین و ائمہ و مجتہدین نے صحت نکاح کے لئے کفو کو شرط قرار دیا ہے پس بموجب حکم آیت سب سے بہتر قبیلہ اور سب سے زائد شریف افضل خاندان بنی فاطمہ ہے کہ یہ سید المرسلین و فخر الاولین والآخرین کی اولاد ہیں۔ طبرانی میں حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے قال ۴ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکل بنی ام ینتمون الی عصبۃ الا ولدی فاطمۃ فانا ولیھم وانا عصبتھم حاکم مستدرک میں جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں قال ۵ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکل بنی ام عصبۃ ینتمون الیھم الا ابنی فاطمۃ فانا ولیھما وعصبتھما۔ اور اسی طرح ایک روایت حضرت عمر سے طبرانی میں آئی ہے۔

---

۱ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ جو کوئی اپنے آپ کو اس قوم میں سے بتائے جس میں سے وہ نہیں ہے پس چاہئے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے اور ایسے شخص پر جنت حرام ہے اور اس پر ہمیشہ قیامت تک خدا کی لعنت پڑتی رہے گی ۱۲۔

۲ ہم نے تم کو مرد و عورت بنایا اور خاندان و قبیلے بنائے تاکہ تم آپس میں ایک دوسرے کی شناخت کرو اور تم میں متقی وہ ہے جو بزرگ ہے اور ہر شخص اپنے اعمال کا جوابدہ ہے ۱۲ وصی احمد تائب۔ ۲ خدائے تعالیٰ نے اکرمکم فرمایا اشرفکم نہیں فرمایا اس لئے کہ شرافت اور چیز ہے اور کرامت شے دیگر پس شرافت علو حسب کا نام ہے اور کرم یا کرامت جود و سخاوت کو کہتے ہیں پس شرافت نسب قرابت سے تعلق رکھتی ہے جو داخل ذات انسان ہے اور کرم ایک خارجی صفت ہے اگر اللہ تعالیٰ کو قرابت و نسب کا ذکر فرمانا ہوتا تو اشرفکم فرماتا مگر چونکہ صفت خارجی کا بیان کرنا تھا جو اعمال سے متعلق ہے اسلئے اکرمکم فرمایا ۱۲ سید ابو احمد

۳ جو لوگ ایمان لائے اور انکی اولاد نے ایمان کے ساتھ ان کا اتباع کیا تو ہم ان کو ان ہی کے ساتھ ملا دیں گے اور ان کے اعمال میں سے کچھ کم نہ کریں گے ۱۲

۴ آپ نے فرمایا ہے کہ ہر قوم کے لئے عصبہ ہے جس کی طرف وہ منسوب ہوتی ہے مگر اولاد فاطمہ کا ولی و عصبہ میں ہوں ۱۲

۵ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ جملہ لوگوں کا کوئی عصبہ ہوتا ہے جس کی طرف وہ منسوب ہوتے ہیں مگر فاطمہ کے دونوں بیٹوں کا میں ولی و عصبہ ہوں ۱۲۔

قال[1] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکل بنی انثی عصبتہم لا بیہم ما خلا ولد فاطمۃ فانی انا عصبتہم وانا ابوہم۔ ان کے علاوہ حضرت فاطمہ اور ان کی اولاد و ذریت کی مناقب و فضائل کتب احادیث صحاح و سنن و مسانید میں اس کثرت سے آئی ہیں جو حد شمار سے باہر ہیں طبرانی میں حضرت ابن عباس سے روایت ہے۔[2] قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کل سبب و نسب منقطع یوم القیامۃ الا سببی و نسبی ابن عساکر اپنی تاریخ میں حضرت ابن عمر سے بایں الفاظ روایت لائے ہیں قال[3] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کل نسب و صہر منقطع یوم القیامۃ الا نسبی و صہری۔ امام احمد بن حنبل اپنے مسند میں مسور بن مخرمہ سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں قال[4] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاطمۃ بضعۃ منی یقبضنی ما یقبضہا و ینشطنی ما ینشطہا وان الانساب ینقطع یوم القیامۃ الا نسبی وسببی وصہری بظاہر ان مذکورہ روایات اور آیت قرآن پاک فاذا[5] نفخ فی الصور فلا انساب بینہم ولا ہم یومئذ یتساءلون میں تضاد و تعارض معلوم ہوتا ہے لیکن در اصل کوئی تضاد و تعارض نہیں کیونکہ آیت مذکور کا تعلق نفخۂ اموات کے وقت صور پھکنے سے ہے کہ اس وقت خوف قیامت ہوگا جس میں کسی کو اپنے نسب کا خیال نہ ہوگا نہ اس کا کوئی اعتبار ہوگا مگر حساب و کتاب و وزن اعمال و شفاعت کے موقعوں پر حضرت رسالت پناہ کی نسبت سے بنی فاطمہ کو یہ شرف اور فضیلت حاصل ہوگی چنانچہ دارقطنی و طبرانی میں مرفوعاً روایت آئی ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اول من اشفع لہ من امتی اہل بیتی ثم الاقرب فالاقرب من قریش ثم الانصار ثم من آمن بی واتبعنی من الیمن ثم سائر العرب ثم الاعاجم ومن اشفع لہ اولا افضل[6] اور یہ ظاہر ہے کہ سب سے پہلے جن کی شفاعت ہوگی وہ اولاد فاطمہ ہی ہوگی جو تمام امت پر افضلیت رکھتی ہے۔ پس تمام خاندانوں اور قبائل پر خاندان بنی فاطمہ کو علی الاطلاق شرف حاصل ہے جس پر امت کا اتفاق و اجماع ہو چکا ہے اور شرافت نسبی غیر اولاد فاطمہ مجمع علیہ اہل حق کی نہیں ہے لیکن بایں ہمہ اور باوجود اسکے کہ شارع علیہ السلام

---

[1] آپ نے فرمایا ہے کہ ہر ماں جائے کا اس کا پدری عصبہ ہے مگر اولاد فاطمہ کا میں عصبہ اور ان کا باپ ہوں ۱۲

[2] آپ نے فرمایا ہے کہ قیامت کے روز ہر ذریعہ اور ہر نسب منقطع ہو جائے گا مگر میرا ذریعہ و نسب منقطع نہ ہوگا ۱۲ [3] آپ نے فرمایا ہے کہ میرے نسب اور قرابت کے علاوہ قیامت کے دن تمام نسب اور قرابتیں منقطع ہو جائیں گی ۱۲

[4] آپ نے فرمایا ہے کہ فاطمہ میرا ایک ٹکڑا ہے جو اُسے تکلیف پہنچاتی ہے مجھے تکلیف دیتی ہے اور جو اُسے خوش کرتی ہے مجھے خوش کرتی ہے قیامت کے دن میرے نسب و قرابت و ذریعہ کے سوا تمام نسب منقطع ہو جائیں گے ۱۲

[5] جب صور پھونکا جائے گا اس وقت کوئی نسب باقی نہ رہے گا اور نہ لوگ اس کا سوال کریں گے ۱۲

[6] آپ نے فرمایا ہے کہ میں اپنی امت میں سب سے پہلے اپنی اہل بیت کی سفارش کروں گا ان کے بعد قریش میں سے جو قریب تر ہو گا ان کے بعد انصار کی ان کے بعد اہل یمن میں سے ان لوگوں کی جو مجھ پر ایمان لائے اور میری اتباع کی پھر تمام عرب کی ان کے بعد عجم کی اور جن کی سب سے پہلے میں سفارش کروں گا وہ سب سے افضل ہیں ۱۲

نے تمام مسلمانوں پر اولادِ فاطمہ کی محبت کو فرض قرار دیا ہے اور ان پر جو درود و سلام نہ بھیجے ان کی نمازوں کو صحیح نہیں بتایا جس کی تشریح بیہقی و بغوی میں کی گئی ہے اور امام شافعی رحمۃ اللہ نے اس کی تنقیص کرتے ہوئے فرمایا ہے یا اہل بیت رسول اللہ حبکم ۔ فرض من اللہ فی القرآن انزلہ ۔ یکفیکم من عظیم الفخر انکم ۔ من لم یصل علیکم لا صلوٰۃ لہ۔ شرف آباد و نسب شکر کی (1)
جگہ ہے نہ مقام فخر کیونکہ فرمان رسالت پناہ "انا سید ولد آدم ولا فخر" اسی طرف اشارہ کرتا ہے بلکہ اس قسم کی فخر و مباہات سے منع فرمایا گیا ہے پس اولاد و ذریت سیدۃ النساء فاطمہ زہرا اولاد نبی و علی ہے جو ملقب بہ سادات ہے جس کی اصل دو (2)
متبرک ہستیوں امام حسن و حسین شہداء کربلا کے ذریعہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام سے متصل ہوتی ہے پس اصول سادات صرف یہ ہی دو ہستیاں ہیں اور ان ہر دو اصول کے تحت بمصداق انا اعطینٰک الکوثر بہت سے خاندان و قبائل ہیں جو احاطہ تحریر سے باہر ہیں۔ پس زینبی و جعفری و علوی و عباسی کہ شرفائے بنی ہاشم میں سے ہیں جن پر صدقہ و زکوٰۃ حرام ہے لیکن سیادت کے لقب کا حق ان کو حاصل نہیں کیونکہ نسب کا اعتبار باتفاق جمہور باپ کی طرف سے ہوا کرتا ہے لیکن ماں کی جانب سے یہ شرف سیادت سبطین کے سوا کسی کو حاصل نہیں چنانچہ آیت کریمہ ندع ابناءنا و ابناءکم اسی مدعا پر نص قطعی ہے جس کی وضاحت احادیث صحیحہ و نیز اجماع امت سے ہوتی ہے۔ پس امام حسن کے پندرہ لڑکے اور دو لڑکیاں اور بقولے بارہ لڑکے اور ایک لڑکی اور بقولے سات لڑکے اور چار لڑکیاں اور بقولے نو لڑکے اور سات لڑکیاں تھیں اور ایک قول کے مطابق آٹھ لڑکے اور سات لڑکیاں تھیں لڑکوں کے نام یہ ہیں۔ زید۔ حسن مثنیٰ۔ عمر۔ قاسم۔ عبد اللہ۔ عبد الرحمن
حسین۔ طلحہ۔ لیکن سلسلہ اولاد صرف زید۔ و حسن مثنیٰ سے جاری ہوا۔ اور حضرت حسین شہید کربلا کے پندرہ لڑکے اور (3)
دو لڑکی اور بقولے تین لڑکیاں اور چھ لڑکے ان ناموں کے تھے علی اکبر۔ علی اوسط۔ علی اصغر۔ زین العابدین۔ عبد اللہ (4)
عبید اللہ۔ محمد۔ لیکن سلسلہ نسب صرف علی اصغر زین العابدین سے جاری ہوا۔ اور علی اصغر زین العابدین کے نو لڑکے
و نو لڑکیاں اور بقولے پانچ لڑکے اور نو لڑکیاں اور بقولے چار لڑکی اور دس لڑکے ان ناموں کے تھے۔ محمد باقر۔ عبد اللہ (5)
حسین اشرف۔ حسین اصغر۔ علی اصغر۔ زید شہید۔ عمران۔ حسین اکبر۔ عبد الرحمن۔ سلیمان۔ مگر سلسلہ اولاد آپ کے صرف

لہ اے رسول اللہ کے اہل بیت اللہ تعالیٰ نے اپنے قرآن پاک میں تمہاری محبت کو فرض قرار دیا ہے تمہارے فخر کے لئے یہ بڑی بات ہے کہ جو کوئی تم پر درود نہ پڑھے گا اس کی نماز ہی نہ ہوگی۔ قریب ان ہی معنی کے مناقب اہل بیت ہیں۔

ید ابو نواس نامی شاعر عرب نے یہ شعر لکھے ہیں۔ مطہرون نقیات ثیابہم ۔ تجری الصلوٰۃ علیہم کلما ذکروا ۔ من لم یکن علویاً حین تنسبہ ۔ فمالہ فی قدیم الدہر مفتخر ۔ اولئک القوم اہل البیت عندہم ۔ علم الکتاب و ما جاءت بہ السور ۔ یعنی سادات عظام تمام عیوب ذمیمہ سے مبرا و پاک و صاف ہیں جب ان کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان پر درود پڑھا جاتا ہے جو شخص اولاد علی اہل بیت میں سے نہیں اس کے پاس فخر و مباہات کی کوئی چیز نہیں اہل بیت ایک ایسی قوم ہے کہ جن کے پاس قرآن پاک کا علم اور سورہ روایات کے مطالب و معانی پائے جاتے ہیں۔ ۱۲ سید اقتدار احمد ساحر سہسوانی مدیر و مولف۔

پہلے چھ لڑکوں سے جاری ہوا امام محمد باقر کے ایک لڑکی اور پانچ لڑکے تھے جعفر صادق ۔ عبداللہ ۔ ابراہیم ۔ علی ۔ عبیداللہ لیکن سلسلہ اولاد صرف جعفر صادق سے قائم ہوا اور امام جعفر صادق کے تین لڑکیاں اور سات لڑکے تھے موسیٰ کاظم اسمٰعیل ۔ محمد مامون ۔ علی عریضی ۔ عبداللہ ۔ اسحاق ۔ موسیٰ لیکن علامہ سہرستانی نے کتاب ملل و نحل میں صرف پانچ لڑکوں کا ذکر کیا ہے اور موسیٰ و اسحاق کو شمار نہیں کیا ۔ صاحب نفیہ الطالب نے نو لڑکے بتائے ہیں مگر نام نہیں بتائے بہرحال آپ کا سلسلہ نسب صرف پانچ لڑکوں موسیٰ کاظم ۔ اسمٰعیل ۔ اسحاق ۔ محمد مامون ۔ علی عریضی سے جاری ہوا لیکن امام موسیٰ کاظم کے سینتیس لڑکیاں اور تیئس لڑکے تھے اور بقول صاحب نفیہ الطالب اٹھارہ لڑکے ان ناموں کے تھے ۔ علی رضا ۔ ابراہیم ۔ عباس ۔ قاسم ۔ اسمٰعیل ۔ جعفر ۔ ہارون ۔ حسن ۔ عبداللہ ۔ اسحاق زید ۔ عبیداللہ ۔ حسین ۔ محمد ۔ احمد ۔ فضل ۔ سلیمان ۔ عون اور انیس لڑکیاں ۔ اور ایک قول یہ ہے کہ سترہ لڑکے تھے جن میں عون خارج ہے لیکن معقب جن سے سلسلہ نسب جاری ہوا وہ صرف علی رضا ۔ ابراہیم ۔ عباس ۔ اسمٰعیل ۔ جعفر ہارون ۔ عبداللہ ۔ زید ۔ عبیداللہ ۔ احمد ۔ محمد ۔ اسحاق ۔ حسن ۔ عون چودہ لڑکے تھے ۔ کتاب عمدۃ الطالب فی آل ابیطالب میں لکھا ہے کہ آپ کے تیس لڑکے تھے جن میں سے پانچ عبدالرحمن ۔ عقیل ۔ قاسم ۔ یحییٰ ۔ داؤد بلا اختلاف دارج یعنی بے اولاد تھے اور ان میں تین سلیمان ۔ فضل ۔ احمد کے اولادِ ذکور نہ تھی اور پانچ حسین ۔ ابراہیم ۔ اکبر ۔ ہارون ۔ زید ۔ حسن کی اولاد ہونے کے بارے میں اختلاف ہے لیکن ان میں سے دس لڑکے علی رضا ۔ ابراہیم ۔ اصغر ۔ عباس ۔ اسماعیل ۔ محمد ۔ اسحاق ۔ حمزہ ۔ عبداللہ ۔ عبیداللہ ۔ جعفر بلا اختلاف صاحب اولاد تھے ۔ امام علی رضا کے بقولے پانچ لڑکے اور (۸) ایک لڑکی تھی ۔ محمد تقی ۔ حسن ۔ جعفر اور بقولے تین پسر تھے اور ایک قول یہ ہے کہ صرف محمد تقی ایک لڑکا تھا مگر وہ بالاتفاق صاحب اولاد ہوئے ۔ امام محمد تقی کے دو پسر اور دو دختر تھیں اور بقولے تین لڑکے تھے ۔ علی نقی و موسیٰ[۱] (۹) جعفر ۔ جو تینوں معقب تھے ۔ امام علی نقی کے تین پسر اور بقولے چار پسر اور بقولے چھ پسر اور بقولے سات لڑکے تھے ۔ (۱۰) محمد ۔ حسن ۔ حسین ۔ جعفر ۔ عبداللہ ۔ ابراہیم ۔ ابوزید آخری قول کے مطابق حسن ۔ حسین ۔ جعفر صرف تین معقب تھے ۔

---

[۱] یہ موسیٰ وہی ہیں جن کو موسیٰ مبرقع کہا جاتا ہے اور ان کی اولاد سادات رضوی کہی جاتی ہے جنھوں نے اپنی اولاد کو مشہد مقدس میں رہنے کی ہدایت کی تھی ان کی وفات بمقام قم ہوئی حضرت اشرف جہانگیر سمنانی کتاب لطائف اشرفی میں فرماتے ہیں امام موسیٰ مبرقع در قم وفات یافت اولاد او را رضوی گویند و بیشتر ایشان بقم باشند در ایں اوقات جمع متفرق هم هستند موسیٰ در عالیے کہ کہ روز باشند کہ اولاد من بر مشہد مقدس رضوی بروند و عقب موسیٰ از احمد است و نسابہ مشہور میگوید کہ محمد بن موسیٰ هم معقب است و انساب بنی الحساب بدو است اما عقب موسیٰ از احمد از محمد اعرج است و بقیہ اولاد از نسل او بند کہ در قربات شاہد رہ اند ۱۲ سید وصی احمد ثاقب سہوانی

(11)

پس جعفر بن علی نقی کہ جن کی کُنیت ابو عبد اللہ تھی اور بزعم شیعہ ان کا لقب کذاب اس وجہ سے تھا کہ انھوں نے اپنے بڑے بھائی حسن کے انتقال کے بعد امامت کا دعویٰ کیا تھا ایک قول کے مطابق آپ کے ایک سو بیس لڑکے تھے اور دوسرا قول یہ ہے کہ سولہ لڑکے تھے خواجہ محمد پارسا نے اپنی کتاب فصل الخطاب اور شیخ عبد الحق دہلوی نے اپنے رسالہ فضائل ائمہ اہل بیت میں ابو محمد بن سعد یافعی کی تاریخ سے لکھا ہے کہ سلسلہ نسب جعفر بن علی نقی کا صرف ایک لڑکے علی سے ہے بس اور ان علی بن جعفر کے تین لڑکے تھے عبد اللہ۔ جعفر۔ اسماعیل اور ان تینوں سے نسب کا سلسلہ باقی ہے کتاب لطائف اشرفی ملفوظات حضرت اشرف جہانگیر سمنانی میں چھ لڑکوں سے سلسلہ نسب بتایا گیا ہے جن کے نام یہ ہیں علی۔ اسماعیل حریفا۔ طاہر یحیٰ صوفی۔ ہارون۔ ادریس اور اسی طرح ہے کتاب روضۃ الشہداء وکتاب عمدۃ الطالب فی انساب ال ابی طالب میں۔ اور ان حضرات کی اولاد کی تعداد اور ان کے ناموں میں راویوں کا بڑا اختلاف ہے اس کی وجہ مشارکت اسمی یا نام وکنیت و لقب میں فرق نہ کرنا یا وقت نقل عبارات کتب متقدمین مسامحت سے کام لیا ہے یا مقدم کو موخر اور موخر کو مقدم کر دینا سبب ہے بہر حال میں نے جہاں تک کتب سیر و انساب کا مطالعہ کیا اُن میں جو کچھ پایا من و عن لکھ دیا اپنی جانب سے نہ کچھ کم کیا نہ بیش حتی الامکان صحت معاملہ کی بہ نظر تحقیق جستجو کی ہے واللہ اعلم اور زینب کبریٰ بنت فاطمہ زہرا کے کہ جو عبد اللہ بن جعفر طیار کی زوجیت میں تھیں چار لڑکے تھے علی۔ عباس۔ عون۔ جعفر لیکن سلسلہ نسب علی سے جاری ہوا ان کو جعفری اور زینبی کہا جاتا ہے۔

فصل سوم در ذکر سادات تخشبی۔ ان کا سلسلہ نسب امام علی نقی کے واسطہ سے حضرت امام حسین شہید کربلا تک پہونچتا ہے ان کے مورث اعلیٰ وہ صحیح النسب والاحسب امیر کبیر ہستی ہے جس کا اسم گرامی سید محمد اور لقب خواجہ خطیر[1] تھا جو اخص ندما و وزراء بادشاہان ہند کے تھے بعض مورخین آپ کو کہیں خواجہ خطیر[2] اور کہیں خطیر خواجہ اور کوئی خواجہ خطیر الدین اور کوئی ملک خطیر الدین لکھتا ہے آپ کا اصل وطن جہاں آپ کی پیدائش ہوئی اور پرورش پائی شہر نخشب[3] تھا جو ترکستان میں واقع ہے اور بنام چاہ و ماہ[4] مشہور تھا اگرچہ اس سے قبل آپ کے آبا کرام و اجداد عظام ملک عرب سے

---

[1] کتاب تذکرۃ العلماء والفضلا میں کہ جو بہ عہد جہانگیر بادشاہ تالیف ہوئی ہے اور جس کا ایک قلمی نسخہ نواب لوہارو کے کتب خانہ میں موجود ہے لکھا ہے کہ آپ کا اسم گرامی سید محمد تھا مگر آپ خواجہ خطیر کے لقب سے مشہور ہیں اور آپ امام علی نقی کی اولاد میں تھے ۱۲ سید وصی احمد تائب برادر مولف

[2] چنانچہ صاحب تاریخ فرشتہ ہر جگہ بہ لفظ خواجہ خطیر ذکر کرتا ہے اور ملا عبد القادر بدایونی و صاحب تاریخ فیروز شاہی بہ لفظ خطیر الدین ذکر کرتے ہیں۔ سید وصی احمد تائب

[3] اقلیم پنجم میں ایک شہر کا نام تھا جس کو عرب داوندے معرب کرکے نسف بنا لیا تھا (معلومات الآفاق) میں لکھا ہے نخشب شہر است در اقلیم پنجم قاموس میں ہے نسف بمعنی بلدۃ معرّ نخشب صراح میں ہے نخشب شہر است والنسبۃ الیہ نخشبی ونسفی ۱۲ سید ابو احمد برادر مولف

[4] وجہ شہرت چاہ و ماہ یہ ہے کہ حکیم مقنع نے زبان شعبدہ سے ایک چاند بنایا تھا جو ایک کنوئیں سے طلوع و غروب ہوتا تھا جس کی روشنی چار فرسخ تک ہوتی تھی۔ برہان قاطع میں لکھا ہے نخشب بفتح اول و شین معجمہ بروزن عقرب نام شہریست از ترکستان گوئید ماہ ترکی قرشی گویند بفتح قاف و حکیم ابن عطا کہ بہ مقنع اشتہار دارد مدت دو ماہ از چاہ کہ در نواحی آنست بسحر و شعبدہ ماہے برمی آورد کہ تا قرب چہار فرسنگ روشنی میداد ۱۲ سید ابو احمد سہسوانی

آکر قصبہ چشت[1] میں سکونت پذیر ہو گئے تھے جو ملک خراسان میں ہرات سے بجانب شمال بفاصلہ چار منزل دور تھا خواجہ صاحب موصوف محاسن وفضائل ظاہری وباطنی سے آراستہ اور علوم شریعت وسیاست ملکیہ میں بہرہ وافرو شہرت کافی رکھتے تھے بحُسن اتفاق اپنے وطن مالوف سے رخصت ہوکر ہندوستان تشریف لے آئے اور یہاں سلاطین کی قدردانی سے مناصب علیہ ومدارج رفیعہ پر فائز ہوگئے یہانتک کہ وزارت عظمیٰ تک پہونچے ٥ ہر مرہ از فیض سفر مایہ نبلیش گردید ؛ صیقل تیرگی بخت جلائے وطن است۔ تفصیل اس اجمال کی اس طرح ہے کہ چنگیزخاں[2] نے جب ترکستان و ماوراالنہر پر اپنے حملے شروع کئے اوران اطراف کے مقامات کو تاخت وتاراج کرنا شروع شروع کیا تو تمام لوگ پریشان وسراسیمہ ہوگئے اور بمقتضائے ٥ اداصاق المجال بارض قوم ؛ فماللساکنین سوی الرحل جس کا جس طرف منہ اٹھا چلدیا۔ خواجہ صاحب بھی اس مصیبت کا شکار ہوئے اور وطن مالوف چھوڑنے پر مجبور ہوگئے اور قصد سفر ہند کرلیا اور بہ زمانہ غیاث الدین بلبن جواس وقت ہندوستان کی سریر سلطنت پر متمکن تھا دہلی تشریف لے آئے جب ان کے علم وفضل اور سیاست دانی کی شہرت ہوئی تو غیاث الدین بلبن نے ۶۶۲ھ میں آپ کو مشیر امور سلطنت بنالیا اور اپنی فوج کا معتمد خاص کردیا اس کے ساتھ ہی شہزادہ محمد شاہ کا اتالیق بھی مقرر کیا اور ملتان وپنجاب کی جاگیر کا انتظام بھی ان کی سپرد کردیا چنانچہ آپ نے خدمات معوضہ کو اس خوبی سے انجام دیا کہ تمام خطہ متصرفہ خوشحال اور وہاں کی رعایا فارغ البال ہوگئی اس کے بعد آپ جنگ تاتار پر مامور ہوئے وہاں آپ کو بہت کچھ مشکلات ودشواریاں برداشت کرنا پڑیں اور میدان کارزار میں کچھ زخمی بھی ہوگئے (اشرف السادات[3]) لیکن بفتح وکامرانی واپس آگئے اس کے کچھ دن بعد آپ کو صوبہ بھکر کا گورنر بنادیا گیا (تحفۃ الکرام[4]) پھر اس کے کچھ دن بعد قلمدان وزارت آپ کے سپرد ہوگیا اسی زمانہ میں آپ نے شہزادہ محمد شاہ کے بیٹے کیخسرو شاگرد زادہ کی ولیعہدی کا فرمان بادشاہ سے لکھوا کر قلمرو میں جاری کرادیا لیکن کان امراللہ مفعولا غیاث الدین فوت ہوگیا اور لوگوں نے معز الدین کیقباد کو تخت سلطنت پر بٹھادیا جس نے بایماء ملک نظام الدین کیخسرو کو ملتان سے بلاکر رہتک میں

---

[1] کتاب مناقب المحبوبین میں بذیل تذکرہ وفات حضرت خواجہ قطب الدین مودود چشتی لکھا ہے کہ قبر ایشان در چشت است وایں چشت شہریست در دو کوہ دو منزل از ہرات کہ حالا اوراشاقلان گویند ۱۲ سید رضی احمد

[2] کتاب روضة الصفا میں ہے چنگیزخاں چون از تسخیر بلاد ماوراالنہر فراغت یافت وشاہزادگان را بر زم خوارزم روانہ ساخت بہاران سال درکنار سمرقند بگذرانید واز آنجا بمرغزار نخشب آمدہ تابستان درآں موضع بسر بردو از نخشب بجانب ترمذ توجہ نمود ۱۲ سید ابواحمد سہوانی

[3] یہ کتاب مولف جدامجد حضرت حکیم سید نذیر احمد شاہ مرحوم سہوانی کی جو مناقب حضرت مودود چشتی میں لکھا ہے مگر ابتک غیر مطبوعہ ہے ۱۲ سید عبدالقیوم آزاد سہوانی برادر مولف

[4] علی شیر سندھی نے کتاب تحفۃ الکرام میں لکھا ہے کہ ملک تاج الدین را بہ ملتان وخطہ خواجہ را بہ بکھر و ملک علی شیر را بہ سوستان تعین نمود ۱۲ سید وصی احمد نائب سہوانی۔

بلا کسی جرم کے قتل کرا دیا اور خواجہ صاحب کو اولا طریق استمالت خطاب خواجہ جہانی[1] سے نوازا اس کے بعد اس کدورت کی بنا پر جو ولیعہدی کیخسرو کے متعلق اپنے دل میں پوشیدہ رکھے ہوئے تھا آپ کو متہم کر کے غیب بد نام کیا (منتخب التواریخ[2]) مگر آپ کی فوجی طاقت و اثر و رسوخ کی وجہ سے کچھ آپ کا بگاڑ نہ سکا اس کے بعد کچھ زمانہ ہی گذرا تھا کہ معز الدین کیقباد بھی فوت ہو گیا اور ۶۸۹ھ ہجری میں زمام سلطنت جلال الدین فیروز کے ہاتھ میں آ گئی سلطان موصوف نے نہایت قدر دانی و حق شناسی سے خواجہ صاحب کو وزیر الممالک بنا دیا (تاریخ فرشتہ) اس کے بعد سلطان علاالدین خلجی جب سریر سلطنت پر متمکن ہوا تو اس نے بھی جناب خواجہ کو اپنا وزیر سلطنت قائم رکھا اس کے بعد سلطان قطب الدین مبارک و غیاث[3] الدین تغلق نے بھی برسم سلاطین اولین آپ کو وزارت پر برقرار رہنے دیا اور ہر طرح کے انعام و اکرام سے سرفراز کیا۔ ان حالات و واقعات کی تفصیل سلاطین وقت کے تذکرہ میں کتب تواریخ تاریخ فرشتہ۔ خزینہ جامی منتخب التواریخ۔ تاریخ ہند مولفہ شمس العلما مولوی ذکاء اللہ دہلوی و مختصر تاریخ اسلام مولفہ سید ذاکر حسین جعفر رمزی دہلوی و تحفۃ الکرام وغیرہ کتب میں بشرح و بسط درج ہے یہاں یہ بتا دینا بھی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے محامد و مناقب میں اس زمانہ کے متعدد شعراء نے قصائد لکھے ہیں چنانچہ حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ نے بھی جو وقت تیاری سپاہ ملک اودھ ہمراہ تھے اپنی مثنوی قران السعدین[4] میں آپ کی توصیف میں کچھ اشعار لکھے ہیں جن سے آپ کی فیاضی و کرم کا حال اچھی طرح ظاہر ہو جاتا ہے۔ بالجملہ خواجہ صاحب موصوف پس از ترک مشاغل ریاست و مہمات سلطنت مع اہل و عیال بغرض توطن امروہہ تشریف لے آئے اور بقول مولوی آل حسن صاحب نخبۃ التواریخ آٹھویں صدی ہجری میں آپ نے امروہہ کو توطن بنا لیا اور اندرون شہر پناہ اپنے مکانات بنا لئے چنانچہ وہ مقام جہاں آپ کی اور آپ کی ذریت و اولاد کے مکانات بنے محلہ بخششی کے ساتھ ابتک مشہور ہے اور یہاں ہی بعمر ایک سو پچاس سال وفات پائی۔ (تذکرۃ العلماء و الفضلا)

---

[1] ملا عبد القادر بدایونی منتخب التواریخ میں لکھتے ہیں و بعد از استقرار سلطنت جلال الدین حلجی و عقد رابطہ بتود و سابق بر اشتغال مملکت مقرر داشت ملک نظام الدین علاوہ دادیگی یافت و بخواجہ خطیر الدین خواجہ جہانی و بر ملک شاہک امیر حاجب خطاب وزیر خانی دادند ۱۲ سید ابو احمد سہسوانی

[2] ملا عبد القادر بدایونی بذیل تذکرہ معز الدین کیقباد منتخب التواریخ میں لکھتے ہیں و ہم چنیں خواجہ جہانی را بخلف نابودہ متہم ساختہ تشہیر نمود ۱۲ سید وصی احمد نائب سید حسن بن محمد شیرازی اپنی کتاب منتخب التواریخ جو بعہد جہانگیر بادشاہ تالیف کی ہے لکھا ہے کہ در فرمانے دیوان وزارت جلال الدین ملک قطب الدین علوی کیتلی بود و وزارت بخواجہ خطیر تغلق میداشت پھر بذیل تذکرہ سلطان علاء الدین لکھتے ہیں در اول سلطنت وزارت بخواجہ خطیر کہ نیک نام ترین وزرا بود و سال دویم وزارت بظفر خان تعلق گرفت ۱۲ سید وصی احمد نائب [3] تاریخ فرشتہ و نیز خزینہ جامی میں بذکر غیاث الدین تغلق لکھتے ہیں کہ سلطان غیاث الدین تغلق امراء و ملوک سلطان قطب الدین را نوازشہا و مواجب ایشان افزود و قطاعات ایشان مقرر داشت و اشغال سلطنت بر ایشان تقسیم نمود خواجہ خطیر و ملک جنیدی و خواجہ مہذب بزرگ کہ دائم تردد بادشاہان سابق اعتبار داشتند نواخت و موجب انعام گردانید و وقت نشستن در مجلس ارزانی داشت و قوانین در باب استقامت ملک و احوال خلق از ایشان پرسیدے و مطالعہ آن نمودے ۱۲ سید ابو احمد سہسوانی [4] حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ اپنی مثنوی قران السعدین مطبوعہ حسنی میر حسن رضوی کی صفحہ ۱۰۷ پر بطرح توصیف خواجہ صاحب موصوف لکھتے ہیں - خان جہان حاتم مجلس نواز ؛ گشت باقطاع اودھ سرفراز ؛ از کف جود و کرم حق شناس ؛ کرد فراہم سپہ بی قیاس ؛ منکہ بدو ہمرہ اگر دیدش از آن ؛ کرد کرم آنچہ کہ بد بیش از آن ؛ ما نرخیان تخشش خاطر فریب ؛ جامہ شدم لازمہ آن رکیب ؛ در آدم بہ روز لطف چنان ؛ کیست کہ از لطف بیاید عنان ؛ غربت ز احسانش چنانم گذشت ؛ کہ دل اصل فراموش گشت ؛ در آمدہ از تخشش او شاد و سال ؛ بیرچ غم و نالہ نبود از زمال ؛ منتہی شرم خداوند جوش ؛ رفتہ بعافی خود و بیوند خویش ؛ سید تہذیب احمد ؛ برادر زادہ مولف باقی صفحہ

آپ کا مزار پاک حسب تحقیق سید زوار حسین صاحب امروہوی مقبرہ درویش علی خاں کے متصل ایک شکستہ مسجد[۵]
میں ہے جس کا پتہ ان کو کچھ بزرگوں سے معلوم ہوا ہے۔ خواجہ صاحب کا نسب چھ واسطہ سے حضرت قطب الدین
مودود چشتی تک اس طریق سے منتہی ہوتا ہے خواجہ محمد ملقب بہ خواجہ خطیر اوّل ابن خواجہ اشرف ابن خواجہ اسد اللہ ابن
خواجہ عبد اللہ ابن خواجہ قطب الدین مودود ثانی ابن خواجہ رکن الدین معز ابن خواجہ احمد[۷] ابن خواجہ قطب الدین[۸] مودود چشتی
رحمہم اللہ تعالےٰ اور سلسلہ پدران خواجہ قطب الدین مودود چشتی رحمتہ اللہ علیہ کا اکثر کتب سیر و مناقب میں ان کے مولفین
و مصنفین اور نیز ان ہی کی اتباع میں مولوی سید آل حسن صاحب امروہوی نے اپنی کتاب تحفۃ التواریخ میں بحوالہ
اقتباس الانوار و مناقب المحبوبین بدیں طریق نقل کیا ہے خواجہ قطب الدین مودود چشتی ابن خواجہ[۹] ناصر الدین ابی یوسف
ابن خواجہ محمد سمعان شاقلانی[۱۰] ابن سیّد ابراہیم ابن سیّد محمد ابن سیّد حسینؑ ابن سیّد عبد اللہ ملقب بہ علی اکبر ابن امام علی نقی
علیہ السّلام لیکن میرے نزدیک یہ غلط و وہم ہے اس لئے کہ راویان ثقہ و نسابان محققین نے امام علی نقی کے سوائے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۴) [۵] کتاب گزیٹیر انگریزی ۱۹۱۱ء مراد آباد بذیل تذکرہ محلات امروہہ لکھتا ہے (اون آڈر محلہ بخشی نو منڈ بانی خواجہ خطیر یعنی محلہ بخشی خواجہ خطیر کا آباد کیا ہوا ہے) ۱۲ سید قمر احمد بی۔ اے۔ ال ال بی پسر مولف [۶] تاریخ احقری مولفہ سید احقر حسین امروہوی فصل بیان بخشیان میں لکھتے ہیں باشندگان اس محلہ کے مورث اعلیٰ سید خواجہ خطیر بخشی سے امروہہ تشریف لاکر اقامت پذیر ہوئے لہذا جہاں ان کے مکانات بنے اس مقام کا نام محلہ بخشی مشہور ہوا ۱۲ سید قمر احمد بن مولف۔
[۷] اس میں کچھ مبالغہ معلوم ہوتا ہے غالباً آپ نے عمر طبعی پاکر وفات پائی واللہ اعلم ۱۲ سید عبد القیوم آزاد سہسوانی۔

[۵] حضرت برادر محترم مولف کتاب ۱۹۳۱ء میں بغرض زیارت مزار آنجناب و بغرض ملاقات اولاد آنجناب کہ امروہہ مقیم ہیں امروہہ تشریف لے گئے تھے وہاں بزرگوں کے مزارات پر بھی فاتحہ خوانی کی نیز الیف احباب سے ملے اور بہت کچھ معلومات لے کر واپس ہوئے۔ ۱۲ سید عبد القیوم آزاد
[۶] حضرت خواجہ احمد بن جناب خواجہ قطب الدین مودود چشتی کی ۵۷۷ھ ہجری میں وفات ہوئی تھی ۱۲ سید ذکی احمد نائب۔ [۷] آپ کی ولادت بالاتفاق ۴۳۰ھ ہجری تھی لیکن آپ کی وفات میں اختلاف ہے بقول آداب الطالبین ۹۳ برس ۱۰ ماہ ۳ دن ماہ رجب ۵۲۷ھ ہجری ہے اور دوسری روایت یہ ہے کہ بعہد سلطان معز الدین سنجر ۵۲۵ھ ہجری میں وفات پائی اور عمر ۹۵ سال ہوئی اور ایک روایت میں عمر ۱۲۰ سال بتائی گئی ہے یہ تمام اختلافی روایات کتب سیر و مناقب کتب مرآۃ الاسرار و اقتباس الانوار و سفینۃ الاولیاء و خزینۃ الاصفیاء و شرف السادات وغیرہ میں درج ہیں اور سلسلہ چشتیہ حضرت کی ذات بابرکت پر منتہی ہوتا ہے کتاب جنات العارفین و خلاصۃ الشریعۃ و حجۃ الکاملین آپ کی تصنیف کتب ہیں ۱۲ سید ذکی احمد نائب
[۸] شاقلان چشت ہی کا نام ہے شفاء العلیل میں بذیل تذکرہ انتقال خواجہ مودود چشتی لکھا ہے کہ قبر ایشاں در چشت است کہ کی کروہ از ہرات است۔ والی آں مشہور است بہ شاقلان ۱۲ سید رضی احمد عیّار [۹] کتاب ادرنیل بیاگرافی کل ڈکشنری مولفہ اس وسیم بیل لندن ایڈیشن کے صفحہ ۲۰ پر بزبان انگریزی لکھا ہے جس کا ترجمہ یہ ہے انتقال پدر خواجہ مودود چشتی جناب یالی قمری بعمر ۷۰ سال ۱۱۳۳ء میں ہوا ہے اور آپ چشت میں مدفون ہوئے خواجہ مودود چشتی چشتیہ خانوادہ کے بانی تھے حضرت معین الدین چشتی کی قبر اجمیر میں ہے آپ کے مریدوں اور پیروں کاروں میں سے تھے حضرت مودود چشتی کی وفات ۹ مئی ۱۱۵۲ء مطابق یکم رجب ۵۲۷ھ ہجری کو ہوئی اور خزینۃ الاصفیاء میں بالاتفاق اہل تاریخ بعمر ۹۷ سال ۵۲۷ھ ہجری میں وفات پانا لکھا ہے ۱۲ سید قمر احمد وکیل سہسوانی۔

تین لڑکوں کے اور کوئی لڑکا نہیں تھا جن میں صرف ایک جعفر کو معقب کہا جن کی کنیت ابو عبد اللہ تھی اور عبد اللہ
نبیرہ جعفر کے تھے یعنی عبد اللہ بن علی بن جعفر مذکور پس ایسی صورت میں امام علی نقی اور عبد اللہ کے درمیان سے
دو نام ساقط ہیں جعفر و علی پس اس طریق سے صحیح سلسلہ نسب اس طرح ہے کہ خواجہ قطب الدین مودود چشتی ابن ناصر الدین (۱۹) (۱۸) (۱۷)
ابی یوسف ابن محمد سمعان شاقلانی ابن سید ابراہیم ابن سید محمد ابن سید حسین ابن عبد اللہ ابن سید علی معروف بہ (۱۶) (۱۵) (۱۴) (۱۳)
علی اصغر و اصغر ابن جعفر ابن امام علی نقی رحمہم اللہ اور اسی طرح ہے کتاب بحر الانساب میں ہے۔ اور حضرت قطب الدین (۱۲) (۱۱) (۱۰)
مودود چشتی کے والد کا سلسلہ مادری اس طرح سے ہے۔ خواجہ ناصر الدین ابی یوسف ابن عصمت خاتون بنت
خواجہ ابو احمد ابدال چشتی ابن سلطان فرسناسہ ابن سید ابراہیم ابن سید یحییٰ ابن سید حسن ابن مجد المعالی ابن ناصر الدین
ابن عبد اللہ محض ابن حسن مثنیٰ ابن حسن رحمہم اللہ تعالےٰ کتاب مراۃ الاسرار میں لکھا ہے کہ اکثر کتب تواریخ سے ثابت ہے کہ
سید محمد شاقلانی حسینی ہیں اور جو ابو احمد ابدال چشتی حسنی پس ان دونوں کی اولاد میں خواجہ ناصر الدین ابی یوسف
حسینی و حسنی سید ہیں ہر چند کہ حالات سادات چشت سیر و مناقب کی کتابوں سیر الاقطاب و اقتباس الانوار و مناقب
المحبوبین و مراۃ الاسرار و سفینۃ الاولیا و خیر الاذکار و خزینۃ الاصفیا و شرف السادات و اداب الطالبین و نفحات الانس
و سبع سنابل و جواہر مودودی و بحر الانساب وغیرہ میں بتصریح و بسط درج ہیں لیکن چند سطور حضرت اشرف جہانگیر سمنانی
کے مکتوبات سے اور کچھ عبارت اقتباس الانوار سے نقل کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے حضرت اشرف جہانگیر سمنانی
اپنے ایک مکتوب میں اپنے پیر زادہ شاہ قطب عالم کو لکھتے ہیں کہ بعض مشائخ این دیار در تواریخ ابن اقطار دیدہ باشد

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۵) کہ نسابوں کو ان حسین کے متعلق کچھ ۔۔۔ عبد اللہ بن علی اشقر کے محمد نامی پسر کے سوا اور
کوئی لڑکا نہ تھا اور کی احمد تائب شہ آپکی ولادت ماہ جمادی الآخر ۔۔۔ ہجری میں ہوئی تھی ۔۔۔ بنی عباس کے ۔۔۔ خلیفہ ابوبکر عبد الکریم ۔۔۔ کے زمانہ میں ۔۔۔ جمادی الآخر ۔۔۔ ہجری
کو بعمر ۹۵ سال ہوئی اور قبر آپ کی بلدہ چشت میں ہے منقول از بیاض حضرت عم محترم مولانا سید عبد الباری مرحوم ۱۲ سید رضی احمد سہوانی ۔ باوجود تحقیق لفظ فرسنافہ کے معنی دریافت
کہ حرم تھی اس سے ایک فرزند سید ماسند علی   نکاح سید ذو الفقار علی باسماۃ عذیبہ بی بی دختر پیرزادہ بابا میاں

ساکن احمد آباد گجرات ان سے تین فرزند ایک سرفراز علی. جعفر علی. غلام معین الدین. سید سرفراز علی کی دو زوجہ ایک مساۃ سرفراز النساء عرف حسینی بیگم دختر سید ابراہیم علی صالحی ان سے ایک دختر محمود النساء زوجہ سید احترام علی بن احتشام علی دوسری زوجہ مساۃ مصاحب بی عرف ماسہ بی دختر سید عبداللہ ساکن احمد آباد ان سے ایک دختر سعادت النساء، زوجہ پیرزادہ محمود احمد آباد بعد انتقال شوہر سید شرافت حسین بن لیاقت حسین صالحی کی زوجیت میں آئیں۔ نکاح سید جعفر علی باسماۃ کریم النساء دختر سید عطا حسین بن محمد حسین صالحی اولاد ندارد نکاح غلام معین الدین باسماۃ اقبال النساء، دختر سید محمد ساکن بھڑونچ ان سے تین فرزند۔ سید خیرات علی و ذوالفقار علی و اکبر علی اور دو دختر ایک لستی بیگم زوجہ قاضی نجیم الدین ساکن بھڑونچ دوسری ولی النساء۔ نکاح سید اسد علی بن جعفر علی بانور النساء عرف شاہجہاں بیگم ان سے دو پسر اکبر علی کہ ناکتخدا فوت ہوا و ممتاز علی و دو دختر ایک مساۃ جمال النساء زوجہ سردار یعقوب علی خاں وزیر ریاست خیرپور سندھ و اقبال النساء نکاح سید ممتاز علی ولد اسد علی کا اجمیر میں ہوا کچھ ان کی اولاد کے حالات معلوم نہیں نکاح سید باقر علی بن سرفراز علی باسماۃ فاطمہ کہ اولاد ندارد۔

سید محمد اسمٰعیل بن محمد سعید کے ایک فرزند سید ابراہیم اور ایک دختر مساۃ شرف النساء، زوجہ سید ابو تراب از اولاد شاہ بجوکہ جو سنبھل سے یہاں آکر آباد ہو گئے (سید ابراہیم) کے چار فرزند محمد فاضل عرف دوندا و محمد پناعرف میرن کہ ناکتخدا فوت ہو گئے و ابو نصر و ابو ظفر۔ سید محمد فاضل عرف دوندا کے تین فرزند۔ رحیم علی و نظام الدین و فتح علی سید رحیم علی کے تین پسر تھے عظمت اللہ و خیر اللہ و عباد اللہ عرف یقین شاہ۔ نکاح سید عظمت اللہ باسماۃ نساء، دختر سید فتح علی ان سے دو فرزند ثناء اللہ و کرم علی۔ نکاح سید کرم علی باسماۃ عظیم النساء دختر سید یوسف علی ہاشمی۔ نکاح سید خیر اللہ باسماۃ وجیہ النساء عرف وجا دختر سید شہاب الدین ہاشمی ان سے دو فرزند ولایت علی و نجف علی اور ایک دختر امیر النساء، زوجہ سعادت علی ساکن موضع گدھنی نکاح سید ولایت علی باعصمت النساء عرف عصا دختر شیخ نظام الدین ان سے ایک فرزند سید شجاعت علی عرف چھدمی بچپن میں فوت ہو گئے اور تین دختر منیر النساء زوجہ فضل حسین بن سید عنایت علی ہاشمی و حلیم النساء زوجہ عباس علی بلرام پوری و نثیر النساء عرف بچو زوجہ فضل رسول بن رحیم عطا ہاشمی۔ نکاح سید نجف علی باسماۃ برکت النساء، دختر سید غلام اولیا ہاشمی ان سے تین فرزند سید ارشاد علی و سید چراغ علی و سید فیاض علی اور تین دختر ایک امانت النساء زوجہ شیخ عبدالولی صدیقی لاہوری و حبیب النساء زوجہ امداد حسین امروہوی و حکمت النساء زوجہ صادق حسین بن فضل حسین ہاشمی۔ نکاح سید ارشاد علی باسماۃ اختر النساء، دختر خطیب شاہ بخش انصاری ان سے تین فرزند محب علی۔ دلدار علی۔ خسرو علی۔ اور تین دختر مساۃ لطیف النساء زوجہ شیخ عبدالصمد بن نادر حسین و تقی النساء، زوجہ شیخ حشمت حسین ولد شوکت حسین انصاری و ظریف النساء، زوجہ حشمت حسین مذکور۔ نکاح سید محب علی باسماۃ

خاتون قوم شیخ ساکن سنبھل ان سے دو پسر منور علی و مصور علی اور دو دختر مسماۃ زبیدہ زوجہ رجب علی بن صفدر علی ساکن بدایوں
و مسماۃ زاہدہ   نکاح سید منور علی بامسماۃ دختر حشمت حسین انصاری مذکور ان سے دو پسر   نکاح سید
دلدار علی بامسماۃ کلثوم دختر سید علی ان سے تین فرزند مختار علی ضامن علی و زاہد علی تین دختر ایک مسماۃ عقیلہ زوجہ اخلاق احمد
ولد خلیق احمد و نفیسہ زوجہ التفات حسین بن حشمت حسین انصاری ٹان ٹولہ و رئیسہ زوجہ مصور علی بن محب علی صالحی نکاح سید مختار علی
با دختر معصوم علی ساکن آگرہ ان سے دو فرزند علی حیدر و جاوید بدر اور ایک دختر سلطانہ نکاح ضامن علی با دختر عبد الحفیظ
بن عبد العزیز ان سے دو پسر محمد قیصر و ذاکر جمیل زاہد علی کی شادی پاکستان میں ہوئی ان سے ایک پسر احمد فاروق اور ایک دختر
نکاح سید خسرو علی بامسماۃ اصغری دختر اشتیاق علی بن عاشق علی بلرام پوری ان سے ایک پسر مظاہر علی و تین دختر مسماۃ صغریٰ
زوجہ ریاست علی بن ولایت علی ساکن باد اللہ گنج و حفیظہ بیگم   زوجہ سید عبید الرحمن بن اعجاز علی و مسماۃ عقیلن بیگم
زوجہ احمد علی بن شیخ تہور علی   سیف اللہ گنج   نکاح سید چراغ علی بامسماۃ محفوظ النساء دختر سید رجب علی
سرسی والا ان سے دو فرزند اعجاز علی و منظر علی و دو دختر کہ نا کتخدا فوت ہوئیں نکاح سید اعجاز علی بامسماۃ حمیدہ النساء
دختر ہادی علی بن سید رجب علی سرسی والا ان سے ایک پسر عبید الرحمن اور ایک دختر مسماۃ آمنہ زوجہ مظفر علی بن شیخ
لطف علی۔ نکاح سید عبید الرحمن بامسماۃ حفیظہ بیگم دختر عنبر و علی ان سے ایک فرزند کلیم الرحمن و چار دختر مسماۃ ناہید و
پروین و نسرین و شاہین۔ سید منظر علی دو منکوحہ مسماۃ ہاشمی بیگم دختر شیخ انقاد علی کوٹ والا ان سے دو فرزند رضا علی
و صابر علی اور دو دختر ایک خلیق النساء زوجہ سید وصی محمد بن سرجی ذکی محمد ہاشمی و نیاز فاطمہ زوجہ مشتاق حسین پسر
مقصود حسین خادہ و دوسری منکوحہ دوم مسماۃ شاکری بیگم دختر سید سرفراز حسین بن شہزاد حسین صالحی نیا گاؤں اللہ
چار پسر محبوب علی نواب علی محفوظ علی ساجد علی و دو دختر ایک مسماۃ ریاض فاطمہ زوجہ نزاکت حسین بن شیخ لطافت حسین
کوٹ والا و مسماۃ حفیظہ خاتون زوجہ مزمل حسین بن حشمت حسین انصاری نکاح سید رضا علی بامسماۃ رقیہ بیگم دختر سید
عبد المعبود بن عبد العزیز ہاشمی قادر آبادی ان سے تین فرزند محمد مسلم و محمد اعظم و محمد عامر اور دو دختر ایک مسماۃ صفیہ
دوسری مسماۃ راشدہ۔ نکاح سید صابر علی بامسماۃ واجدہ بیگم دختر شیخ ابن علی بن انقاد علی کوٹ والا [illegible]
صداقت علی نکاح سید محبوب علی بامسماۃ شاہجہان بیگم دختر شہزاد حسین بن سید سرفراز حسین صالحی نیا گاؤں ان سے
دو فرزند محمد احسن و محمد اشرف۔ نکاح سید محفوظ علی بامسماۃ نعیم بیگم   دختر   شیخ نبی احمد سیف اللہ گنج ان سے
ایک فرزند محمد اظفر۔ سید نواب علی کا نکاح لائل پور ہوا ایک دختر رضیہ سلطانہ نکاح سید فیاض علی بن نجف علی کے
دو جوسے ایک مسماۃ محفوظ النساء دختر وارث فضل رزاق ساکن بدایوں ان سے دو فرزند سعید احمد و لطیف احمد زوجہ
ثانی مسماۃ میمونہ دختر مولوی عبد الحبیب تاکی ان سے ایک فرزند فضل کریم جو جوان فوت ہو گئے نکاح سید سعید احمد
با دختر شیخ وزیر محمد انصاری کوئی اولاد نہیں۔ سید لطیف احمد کے دو منکوحہ ایک مسماۃ نام نامعلوم دختر شیخ نیاز رسول

کوٹ والا اولاد نہ دارد منکوحہ دوم مساۃ صمدالنساء دختر سید بہادر علی بکروینہ ان سے دو فرزند سید عزیز احمد ناکتخدا فوت
ہوئے دوسرے سید حنیف احمد۔ نکاح سید حنیف احمد بامساۃ خدیجہ بیگم دختر حافظ عبد الغفار بن عبد الوحید شاہ ندوی ان
سے دو فرزند سید سلیم احمد و تنویر احمد و یک دختر ارشدی نکاح عباد اللہ بن رحیم اللہ بامساۃ فیض النساء دختر سید
نظام الدین محمد فاضل ان سے دو فرزند ایک حیدر علی عرف منہ ھو شاہ دوسرے سعادت علی۔ نکاح سید حیدر علی
بامساۃ چمپا از قوم کاچھی کنیز کی حکیم بدر الدین فاروقی ان سے ایک فرزند عبد الصمد اور ایک دختر مساۃ تبار النساء کہ جس
کا نکاح بلرام میں ہوا تھا نکاح سید نظام الدین محمد فاضل مذکور بامساۃ مریم دختر سید بہار الدین قاسمی ان سے
ایک دختر مساۃ فیض النساء زوجہ سید عباد اللہ بن رحیم اللہ صالحی۔ نکاح سید فتح علی بن محمد فاضل بامساۃ جمیع النساء
دختر رحیم اللہ ان سے دو پسر ایک سید فضل حسین کہ جوان فوت ہوئے دوم وزیر علی و ایک دختر مساۃ فنا زوجہ سید
عظمت اللہ بن رحیم اللہ صالحی۔ نکاح سید وزیر علی بامساۃ کرامت النساء دختر سید خواجہ محمد عرف نھو صالحی ان
سے ایک پسر سید ناصر علی اور دو دختر ایک مساۃ نصرت النساء زوجہ قیام الدین بن کریم الدین دوسری منیر النساء
زوجہ مخدوم بخش بن محمد بخش ہاشمی۔ نکاح سید ناصر علی مغرب پور اپنچ میں ہوا جن کی کیفیت نسل معلوم نہیں سید ابو النصر بن
سید ابراہیم کے ایک پسر محمد باقر۔ سید محمد باقر کے ایک پسر خواجہ محمد عرف نھو سید خواجہ محمد عرف نھو کے ایک
پسر سید واحد علی و دو دختر ایک کرامت النساء زوجہ وزیر علی بن سید فتح علی دوسری امام النساء زوجہ کریم الدین
نکاح سید واحد علی بامساۃ سراج النساء دختر سید بخشش علی بن مہربان علی ہاشمی ان سے ایک پسر سید ذوالفقار علی
اور دو دختر ایک زوجہ حسن علی بن سید بخشش علی از اولاد شاہ نجو۔ دوسری زوجہ جمال احمد بن سید اصغر علی فاضلی
لاولد فوت ہوئے۔ نکاح سید ذوالفقار علی بامساۃ نجف النساء دختر شیخ الطاف حسین کوٹ والا ان سے ایک
پسر دائم علی عرف دموں کہ جوان فوت ہو گئے۔ اور دو دختر ایک الیق النساء زوجہ شیخ وحید الدین بن علی الدین عباسی
دوسری مساۃ زوجہ شاکر علی بن کرم علی فاضلی۔

باب دوم در ذکر اعقاب محمد قاسم بن قاضی سید عبد الشکور شہید رحمۃ اللہ علیہما

نکاح سید محمد قاسم بامساۃ معصومہ ان سے تین فرزند سید حبیب اللہ و محمد شریف و غلام حسین اور ایک دختر مساۃ
مساۃ خالق دی زوجہ سید غلام میراں بن شیخ محمد فاضل۔ نکاح سید حبیب اللہ بامساۃ بی بی ان سے دو فرزند
سید لطیف اللہ و سید فتح اللہ۔ سید لطیف اللہ کے تین فرزند اسد اللہ، عصمت اللہ، فیض اللہ عرف فیضو۔ نکاح
سید اسد اللہ بامساۃ حمیدہ دختر غوث محمد بن ولی محمد قاسمی ان سے ایک دختر مساۃ رشیدہ زوجہ اسد علی بن جعفر علی
صالحی۔ نکاح سید عصمت اللہ بامساۃ آمنہ دختر محمد باقر بن نصر اللہ صالحی ان سے ایک فرزند سید قاسم علی جوان

فوت ہوئے سید فیض اللہ عرف فیضو کی دو دختر ایک مسماۃ آمنہ زوجہ عزیز اللہ بن سید فتح اللہ قاسمی دوسری صالحہ زوجہ ضمیر محمد بن ثناء محمد قاسمی۔ سید فتح اللہ کے دو زوجہ ایک مسماۃ ماہ بی بی دختر غلام محی الدین اولاد ندارد دوسری چاند بی بی دختر شیخ تاج محمد ساکن باغ والا ان سے دو فرزند ایک عزیز اللہ دوسرے عنایت اللہ و دو دختر ایک مسماۃ روشن زوجہ ضمیر محمد بن سید شاکر محمد قاسمی دوسری مسماۃ نور النساء عرف اچیالی۔ نکاح سید عزیز اللہ بامسماۃ آمنہ دختر سید فیض اللہ قاسمی ان سے ایک فرزند سید عتیق اللہ اور تین دختر ایک مسماۃ فتاں دوسری مجید النساء عرف مجاز زوجہ غلام سرور بن غلام میران عالمی تیسری لطیفہ عرف منی۔ نکاح سید عتیق اللہ بامسماۃ منیغہ دختر سید سید حسن بکر و بٹہ ان سے چار فرزند حبیب اللہ۔ ہدایت اللہ۔ حیات اللہ عرف ہدایت اللہ و عظیم اللہ کہ جوان فوت ہوگئے نکاح حبیب اللہ بامسماۃ منیغہ دختر شیخ امان اللہ ان سے ایک پسر کہ نام معلوم نہیں ناکتخدا فوت ہوئے نکاح سید عنایت اللہ بامسماۃ کمان دختر شیخ نواز محمد ان سے ایک فرزند حمایت علی اور دو دختر مسماۃ رحیم النساء دوم شرف النساء۔ سید حمایت علی کے دو زوجہ ایک مسماۃ صاحبہ خاتون عرف سبو دوسری زوجہ برکت النساء دونوں سے اولاد نہیں۔ نکاح سید حیات اللہ عرف ہدایت اللہ بامسماۃ عزیز النساء دختر میاں جی شیخ عبدالقادر کوٹ والا ان سے تین فرزند فتح اللہ عرف فتح علی۔ و حیات النبی یعنی حیات علی کہ جوان فوت ہوئے و عبدالحبیب و ایک دختر رؤف النساء زوجہ سید فرخند علی بکر و بٹہ۔ نکاح سید فتح علی بامسماۃ نجیب النساء عرف نجو دختر اکبر علی سید نجم الدین قاسمی ان سے ایک دختر فقہ النساء زوجہ احمد علی بن اکرام اللہ صالحی و ایک فرزند عاشق علی کہ جوان فوت ہوئے۔ سید عبدالحبیب کے دو زوجہ ایک مسماۃ تمیز النساء دختر امداد علی بن امام علی حاکمی کہ جس کو طلاق دیدی دوسری مسماۃ وحید النساء دختر سید رحیم عطا بن عظیم اللہ ہاشمی ان سے تین فرزند سید محمد عرف چندو۔ سید احمد عرف بلو و سید محمود و تین دختر ایک مسماۃ عرف آمنہ زوجہ منظور حسین بن سید احمد علی صالحی دوسری صدیق النساء عرف بانکا زوجہ سید محمد حسین بن منظور حسین ہاشمی تیسری میمونہ زوجہ سید فیاض علی بن نجف علی صالحی۔ نکاح سید محمد عرف چندو بامسماۃ محبوب النساء دختر امداد علی بن امام علی حاکمی ان سے ایک فرزند جمیل احمد و دو دختر بلاغت النساء زوجہ شیخ التفات حسین کوٹ والا و مصاحب النساء زوجہ مہدی حسن بن سید پرورش علی فاضلی۔ سید جمیل احمد کے دو زوجہ ایک مسماۃ فاطمہ دختر محمد حسین بن سید منظور حسین ہاشمی اور دوسری عطوفہ دختر خطیب فرمو حسن کہ مطلقہ امجد حسین تھی دونوں سے اولاد نہیں۔ سید احمد عرف بلو کے تین زوجہ ایک مسماۃ رابعہ دختر عباس علی بن سید وحید اللہ ان سے ایک فرزند سید علی احمد دوسری مسماۃ محبوب النساء دختر اولاد حسین بن سید نبی بخش صالحی ان سے ایک فرزند ابوالقاسم تیسری مسماۃ محبوب النساء دختر منظور احمد شاہ وردی ان سے پانچ فرزند محمد طاہر و محمد طیب کہ فوت ہوگئے و محمد ابراہیم و محمد تحسین و محمد کاظم و ایک دختر زوجہ سید عبدالقوی بن سید محمود عالم صالحی۔ سید علی احمد کے

نفیسہ بیگم

دو زوجہ ایک مسماۃ رقیہ دختر سید محمد حسین بن منظور حسین ہاشمی اولاد ندارد۔ دوم مسماۃ عائشہ دختر مکرم حسین بن سید عباس علی فاضلی
ان سے تین فرزند ظفر احمد۔ نظر احمد۔ ضیاء احمد۔ نکاح ضیاء احمد بامسماۃ صادقہ بانو دختر عبدالقوی بن سید محمود عالم صابری۔ نکاح
نظر احمد بامسماۃ زبیدہ دختر سید اظفر حسین بن حمید حسین ہاشمی ان سے ایک فرزند سرفراز احمد دو دختر مسماۃ تنویر و رابعہ نکاح سید
ابو القاسم بامسماۃ مہدی دختر مشرف حسین بن سید اشفاق حسین ہاشمی ان سے ایک پسر آفتاب احمد دو دختر ایک تیسری زوجہ
انور علی بن تہور علی کوٹ والا کہ طلاق ہوگئی اور دوسری جگہ نکاح ہوگیا دوسری مسماۃ خاتون نکاح سید آفتاب احمد بامسماۃ شفیقہ
دختر ظہیر علی بن سید اشتیاق علی ہاشمی ان سے

نکاح سید محمد طاہر احمد بامسماۃ قادری بیگم دختر شیخ علی حسین انصاری ان سے تین فرزند اظہر احمد۔ اطہر احمد۔ مظہر احمد نکاح
سید اظہر احمد با رئیسہ دختر التفات حسین بن ولایت حسین محی الدین پوری ان سے

سید اطہر احمد کے دو زوجہ ایک مسماۃ مینہ دختر قاضی محمد ذکی ولد سید نہال حسن اولاد ندارد دوسری مسماۃ عتیقہ دختر شیخ
عبدالشکور ان سے پانچ فرزند قمر احمد۔ اظہار احمد۔ اسرار احمد۔ محمد احمد۔ تنویر احمد۔ اور ایک دختر نجمہ سلطانہ۔ نکاح سید
مظہر احمد بامسماۃ نفیس عرف ببو ساکن متھرا ان کے چار پسر اور تین دختر اختر۔ جاوید۔ سہیل۔ پرویز۔ ثریا۔ دردانہ۔ رخسانہ
نکاح سید ابراہیم بامسماۃ شہزادی دختر شیخ سلطان عالم انصاری ان سے تین پسر افضال کریم۔ احسان کریم۔ لئیق احمد
اور تین دختر شوکت جہاں زوجہ مسعود بن قیصر بدایونی دوسری ارجمند زوجہ   ساکن مارہرہ تیسری صفیہ۔
نکاح سید افضال احمد با مصطفائی دختر شیخ شفاعت حسین کوٹ والا چار فرزند اقبال احمد ابصار احمد۔ افتخار احمد مطارق
ایک دختر آصف جہاں نکاح سید احسان کریم بامسماۃ ذہینہ دختر حیات حسین بن مطلوب حسین محی الدین پوری۔ تین فرزند
اور ایک دختر تنویر احمد۔ تنظیم احمد وعرف پپو۔ نگار بیگم سید محمد تحسین کی۔۔ دو منکوحہ ایک مسماۃ جمیلہ دختر شیخ علی حسین
انصاری اولاد ندارد دوسری مسماۃ عزیز فاطمہ دختر امتیاز احمد بن مولوی منظور احمد شاہجہاں پوری ان سے ایک فرزند
سید اسماعیل اور تین دختر ایک مسماۃ خورشید بیگم زوجہ سید طاہر علی بن انور علی صدیقی دو اقبال بیگم زوجہ محمد ناظم بن سید
کاظم قاسمی   نکاح سید محمد کاظم بامسماۃ اختری دختر باقر خاں بدایونی ان سے ایک فرزند سید محمد ناظم
نکاح سید ناظم بامسماۃ اقبال بیگم دختر سید محمد تحسین بنت بیگم سید احمد ان سے ایک دختر مسماۃ نسیمہ۔ نکاح سید محمود بن
عبدالحبیب بامسماۃ مقبول النساء دختر سید حمایت علی ان سے تین دختر ایک عفیفہ بیگم زوجہ خلیب فرزند حسن دوسری
حنیفہ بیگم زوجہ محمد معصوم بن سید نہال حسن تیسری مسماۃ منیفہ بیگم زوجہ حکیم سید احمد بن شیخ سلطان احمد عباسی۔
نکاح سید عنایت اللہ بن فتح اللہ بامسماۃ کبیر النساء دختر سید محمد حافظ بن غلام حسین قاسمی ان سے ایک دختر مسماۃ نجیبہ
سید غلام حسین بن قاسم کے ایک فرزند سید محمد حافظ۔ سید محمد حافظ کے چار پسر تھے۔ شاکر محمد۔ دولت محمد۔ دل محمد
جان محمد۔ نکاح سید شاکر محمد بامسماۃ آمنہ دختر حمایت محمد بن محمد عنایت ہاشمی ان سے دو فرزند ایک امیر محمد دوسرے نمبر محمد

اور چار دختر کبیر النساء زوجہ عنایت اللہ بن فتح اللہ قاسمی و مساۃ نور النساء و مساۃ بخشی زوجہ سید غوث محمد بن ولی محمد
قاسمی و مساۃ تاجور زوجہ معین الدین حسن بن سید عبد الحکیم حاکمی۔ نکاح سید امیر محمد باسماۃ صالحہ دختر سید حسین محمد
ان سے ایک پسر نواز محمد کہ درخورد سالگی فوت ہوگیا اور ایک دختر مساۃ والدہ عرف دجانہ زوجہ شاہ محمد کاظم بن سید
معین الدین حسن حاکمی۔۔۔۔۔۔ سید ضمیر محمد کی تین زوجہ ایک مساۃ روشن دختر سید فتح اللہ بن فیض اللہ قاسمی دوسری
مساۃ صالحہ دختر فیض اللہ مذکور تیسری کہ ان کی کیفیت نسب و ولدیت معلوم نہیں ان سے تین فرزند غلام محمد و منیر محمد و ظہور محمد
اور ایک دختر مساۃ عاقلان زوجہ جلال الدین بن سید غوث محمد قاسمی سید دولت محمد بن محمد حافظ کے تین فرزند محمد اکبر و
سید محمد و سید احمد۔ نکاح سید محمد اکبر باسماۃ نور النساء دختر خیر الدین بن محمد حنیف صالحی ان سے ایک فرزند سید محمد افضل
نکاح سید محمد افضل باسماۃ خدیجہ ان سے ایک فرزند سید نور علی۔ نکاح سید نور علی باسماۃ مہرو دختر سید محمد حیات
ان سے ایک فرزند سید چاند ناکتخدا فوت ہوئے۔ نکاح سید سید محمد باسماۃ شریفہ دختر محمد ولی بن سید محمود فاضلی
ان سے دو فرزند سعادت علی و نجابت علی و یکدختر زیب النساء زوجہ نجم الدین بن غلام نبی ہاشمی نکاح سید سعادت علی باسماۃ
خدیجہ دختر اسد علی بن محمد والی فاضلی ان سے دو پسر فرزند علی عرف سر بلند حاد دوم میر کلو و یکدختر حق النساء زوجہ محمود علی بن
سید آل نبی فاضلی۔ نکاح سید کرم علی باسماۃ نجیب النساء دختر بدر الدین عرف بدی ان سے ایک فرزند احمد علی عرف چمن اور
دو دختر وجیہ النساء زوجہ کریم عطا بن عظیم الدین ہاشمی و حرمت النساء زوجہ شیخ رکن الدین انصاری سید احمد علی چمن کے
دو منکوحہ ایک جمعیت النساء عرف جموں دختر غلام حسین بن غلام رسول ہاشمی ان سے ایک فرزند سید حامد علی دوسری مساۃ
سید النساء دختر شیخ محمد بخش سیدپوری ان سے دو فرزند عبد الصمد و عبد السلام اور دو دختر ایک بنیاد النساء عرف بنا زوجہ
محمد صدیق عرف جیون ولد شیخ محمد علی سیدپوری و مساۃ التفات النساء زوجہ سبط الحسن ولد شیخ انوار حسین فاروقی۔ سید
حامد علی کے دو منکوحہ ایک منکور النساء دختر امان علی بن حافظ علی قاسمی ان سے دو دختر ایک تنویر النساء عرف چھنہ مان
زوجہ حیدر حسین بن سید امداد حسین ہاشمی و احمدی بیگم زوجہ مسعود حسن بن خطیب محمود حسن انصاری منکوحہ دوم مساۃ بہجت النساء
دختر مقصود حسین بن سید بشیر الدین ہاشمی ان سے ایک فرزند سید محمود علی عرف منڈھن اور تین دختر ایک حافظہ بیگم زوجہ
سید خلیل احمد بن سید نیاز علی فاضلی و راضیہ بیگم زوجہ سید خلیل احمد مذکور و حامدہ بیگم زوجہ عبد الاحد بن سید عبد الصمد قاسمی
نکاح سید محمود علی عرف منڈھن باسماۃ رضیہ بیگم دختر اختر جمیل بن شیخ عبد الباسط کوٹ والا ان سے ایک فرزند سید محمد زبیر
و چار دختر مساۃ بینجہ زوجہ مظہر المحمود بن سید عبد الصمد و سکینہ بیگم زوجہ عبد الولی بن سید شبیر علی قاسمی و زینب النساء زوجہ
عشرت حسین بن نصرت حسین انصاری۔ و عصمہ خاتون — نکاح سید محمد زبیر باخجۂ دختر محمد یامین بن محمد طہ ہاشمی
ان سے دو فرزند — نکاح سید عبد الصمد باسماۃ مصباح النساء دختر شیخ عبد العلی لاہوری۔
تہسوانی ان سے چار فرزند عبد الاحد و مظہر المحمود و اختر حسن سید محمود عرف پیارے اور ایک دختر ساجدہ بیگم زوجہ

سید آل علی ساکن قصبہ مہرسی نکاح سید عبد الاحد باسماۃ حامدہ دختر سید حامد علی بن احمد علی قاسمی ان سے
تین فرزند ایک عبد الماجد دوم عبد الواحد تیسرا عبد الحمید اور تین دختر بلقیس فاطمہ واختر النساء وروح النساء
نکاح سید عبد الماجد باسماۃ اکبری بیگم دختر سید خلیل احمد فاضلی ان سے ایک دختر اقبال سلطانہ زوجہ نسیم الحق بن
سید سعید الحق اولاد شاہ بنجو سید مظہر المحمود کے دو زوجہ ایک ذکیہ خاتون دختر محمد حسین بن سید محمد امین فاضلی
اولاد ندارد دوسری مسماۃ بہینہ بیگم دختر محمود علی بن سید حامد علی قاسمی ان سے فرزند نکاح سید
اختر حسین باسماۃ میمونہ دختر محمد علی بن عالم علی ہاشمی ان سے دو فرزند ایک مختار حسین دوسرا اعجاز حسین اور تین دختر
ممتاز بانو زوجہ مقتدا حسین عرف کلو پسر شیخ اقتدا حسین وخورشید بانو ورشیدہ بانو۔ نکاح سید محمود عرف پیارے میاں با
مسماۃ مصوری دختر سید عبد السلام کہ لاولد فوت ہوگئی۔ نکاح سید عبد السلام بن سید احمد علی باسماۃ تمیزیہ النساء
دختر شیخ عبد المجید لاہوری ان سے دو فرزند محمد اکرم ومحمد اعظم اور ایک دختر مصوری زوجہ سید محمود عرف پیارے میاں
کہ لاولد فوت ہوئی۔ سید محمد اکرم کی دو زوجہ ایک مسماۃ مغفری دختر شیخ حافظ محمود احمد عباسی دوسری ساکن [illegible] دونوں
لاولد فوت ہوئیں نکاح سید نجابت علی بن سید محمد باسماۃ حفیظہ دختر علی رضا بن غوث محمد ہاشمی ان سے ایک دختر فیض النساء
زوجہ غلام حیدر بن غلام میراں حاکمی۔ زوجہ سید مشرف علی بن علی احمد فاضلی (بن محمود علی) فاضلی۔
سید سید احمد بن دولت محمد کے حرم سے ایک دختر تھی مسماۃ سندا۔ سید ولی محمد بن محمد حافظ کی دو منکوحہ ایک مسماۃ حمیدہ
عرف اچھی ساکن بلرام ان سے ایک فرزند سید غوث محمد اور ایک دختر حضور النساء زوجہ بدر الدین بن منشی محمد دائم فاضلی
دوسری مسماۃ صغیرہ عرف چھوٹی ان سے ایک فرزند سید غلام رسول اور دو دختر ایک رقیہ زوجہ اشرف حسن بن منشی محمد عاقل
فاضلی دوسری مسماۃ رشیدہ زوجہ غلام نبی بن غلام مرتضی شمس آبادی نکاح سید غوث محمد باسماۃ [illegible] دختر سید شاکر محمد
بن محمد حافظ قاسمی ان سے پانچ فرزند علی رضا امان الدین۔ بدر الدین (امام الدین) جمال الدین۔ نکاح سید علی رضا باسماۃ راحت النساء
دختر معین الدین حسن بن سید عبد الحلیم حاکمی ان سے ایک دختر مسماۃ حفیظہ زوجہ نجابت علی بن سید محمد قاسمی۔ نکاح سید
امان الدین باسماۃ امانی دختر علی اشرف بن سید محمد فاضل ہاشمی ان سے ایک فرزند سراج الدین و دو دختر مسماۃ ہدایت عرف
سنڈھا زوجہ سید محمد عمر بن شرف الدین حسن فاضلی ومسماۃ خوب النساء زوجہ رمضان علی بن غوث محمد قاسمی۔ نکاح سید سراج الدین
باسماۃ نزاکت عرف سجاد دختر علی اصغر بن سید علی اشرف ہاشمی ان سے تین فرزند حافظ علی عرف منھو۔ قاسم علی۔ کاظم علی کہ
کہ جوانی میں فوت ہوئے اور ایک دختر مسماۃ نفیسہ۔ نکاح سید حافظ علی باسماۃ فضل النساء دختر سید رحمت اللہ بن خیر اللہ فاضلی
ان سے دو پسر سید امجد علی وامان علی و دو دختر مسماۃ کریم النساء عرف کلو زوجہ محمد افضل بن محمد فاضل فاضلی ومسماۃ امام النساء
کہ نا کتخدا فوت ہوئی۔ سید امجد علی کے تین بیویاں تھیں ایک مسماۃ عزیز النساء عرف اجاد دختر سید احمد علی بن رحمت اللہ فاضلی
ان سے ایک فرزند سید واسع علی اور ایک دختر وزیر النساء عرف [illegible] زوجہ سید اصغر علی بن محمد افضل فاضلی دوسری زوجہ منیر النساء

خطیب مسعود حسن اولاد ندارد۔ نکاح سید عبدالخالق باسماۃ صدیقہ بیگم دختر مرزا ابراہیم بیگ ساکن بھوپال ان سے دو فرزند سید محمد افضل
و ریاض حیدر اور چار دختر زکیہ سلطان۔ عطیہ یمین۔ رفیعہ سلطان۔ تمیزہ سلطان۔ نکاح سید عبدالمالک باسماۃ عتیقہ بیگم دختر منشی شاکر حسین
بن صابر حسین صدیقی کوٹ والا ان سے تین دو فرزند عبدالوارث و محمد خالد و عارف دو دختر عبدالقادر حمیدہ بیگم و جیہہ بیگم۔ نکاح مہدی علی بن سید امان علی با
سماۃ صادقہ بیگم دختر شیخ عبدالباسط صدیقی کوٹ والا ان سے دو پسر شبر علی و شبیر علی یہ فوت ہو گیا۔ نکاح سید شبیر علی باسماۃ نبی فاطمہ
(عرف جی میاں)
دختر سید امیر احمد بن سید امجد علی قاسمی ان سے ایک فرزند عبدالولی و یک دختر عزیز فاطمہ زوجہ محمد وارث بن محمد بشیر ساکن ملیح آباد
نکاح سید عبدالولی باسماۃ سکینہ بیگم دختر محمود علی بن سید حامد علی ان سے دو فرزند انور سعید و معراج غنی اور چھ دختر سکندر و ثروت
و عصمت و نزہت و راحت و مسرت۔ نکاح سید قاسم علی بن سراج الدین باسماۃ کمان دختر سید محمود علی ان سے ایک فرزند
بخشش علی جوان فوت ہوئے سید مدام الدین بن غوث محمد کے دو زوجہ تھیں ایک خیر النساء ساکن بلرام اولاد ندارد دوسری
گلزار قوم کا چھی ان سے دو فرزند شجاعت علی و نوازش علی دونوں ناکتخدا فوت ہو گئے نکاح سید امام الدین بن غوث محمد
باسماۃ جمیعت النساء دختر بدرالدین بن محمد دائم فاضلی ان سے تین فرزند عظیم الدین کہ ناکتخدا فوت ہو گیا دوسرا کریم الدین تیسرا
بقاء اللہ کہ جوان ناکتخدا فوت ہو گیا۔ سید کریم الدین کے دو زوجہ ایک مساۃ دولت دختر کرم اللہ بن محمد محسن ہاشمی ان سے
ایک پسر رستم علی دوسری منکوحہ مساۃ خوب النساء دختر خیرالدین بن محمد حنیف صالحی ان سے دو فرزند ایک خلیفہ فیض علی دوسرے
احسان علی و دو دختر ایک مساۃ عظیم النساء زوجہ عوض علی بن رمضان علی ہاشمی دوسری مساۃ امانت زوجہ برکت اللہ بن نصرت اللہ
صالحی۔ نکاح سید رستم علی باسماۃ فضل النساء دختر سید اسد اللہ ان سے ایک دختر مساۃ شرف النساء زوجہ احمد بخش بن محمد بخش ہاشمی
نکاح سید فیض علی باسماۃ ظہور النساء دختر نصرت اللہ بن سید خیر اللہ صالحی ان سے ایک فرزند سید واجد علی و یک دختر
زہرہ النساء یہ دونوں ناکتخدا فوت ہو گئے۔ نکاح سید احسان علی با فضل النساء دختر اکرام اللہ بن خیر اللہ صالحی ان سے
دو فرزند محمد حسین و محمد حسن یہ دونوں خورد سالگی میں فوت ہو گئے نکاح سید جمال الدین بن غوث محمد باسماۃ عاقلان دختر
ضمیر محمد بن شاکر محمد قاسمی اولاد ندارد سید غلام رسول بن ولی محمد کے ایک فرزند سید نجم الدین کہ نکاح ان کا مساۃ
صاحبزادی دختر خیر اللہ بن محمد حنیف کے ساتھ ہوا جن سے تین پسر معین الدین کہ جوان فوت ہو گئے دوم محمود علی عرف بنتو
یہ بھی جوان فوت ہو گئے تیسرے اکبر علی اور دو دختر ایک مساۃ لاڈلی زوجہ قاضی احمد اللہ دوسری وجیہا عرف ننھا زوجہ
شیخ عظیم الدین بن ولی الدین کوٹ والا نکاح سید اکبر علی باسماۃ عزیز النساء دختر غلام رسول بن سید مظفر علی الغنی
ان سے ایک دختر نجیب النساء زوجہ فتح علی بن حیات اللہ قاسمی سید جان محمد بن محمد حافظ کے دو زوجہ ایک مساۃ شریفہ دختر
عبدالغفور بن مفتی غلام میراں فاضلی ان سے ایک فرزند سید حسن علی کہ ناکتخدا فوت ہو گئے دوسری زوجہ کہ قوم بیاہ سے تھی ان
سے دو پسر ایک علی محمد دوسرا سید میرن۔ سید علی محمد کے ایک فرزند عبد اللہ اور سید عبد اللہ کے چار دختر ایک مساۃ
صالحہ زوجہ سید غلام علی دوم بخت دولت زوجہ قطب الدین عرف قطب شیر بن سید سراج الدین ہاشمی سوم حی النساء

چہارم حضور النساء، زوجہ میاںجی شیخ محمد اعظم کوٹ والا۔ سید میرن کے ایک دختر مسماۃ فتو مگر اس کا کچھ حال معلوم نہیں۔

باب سوم در ذکر اعقاب مفتی محمد فاضل بن قاضی سیّد عبدالشکور شہید رحمہما اللہ

مفتی محمد فاضل کے دو زوجہ ایک مسماۃ بی بی نعمت دختر حسن زبیری ان سے دو فرزند ایک محمد ہمام عرف غلام میراں دوسرے محمد منعم منکوحہ دوم کہ نام معلوم نہیں ان سے دو فرزند سید محمد شفیع و محمد رفیع کہ یہ لاولد فوت ہوئے نکاح سید غلام میراں باسماۃ خالق دی دختر محمد قاسم بن قاضی عبدالشکور شہید ان سے ایک فرزند عبدالغفور۔ نکاح سید عبدالغفور باسماۃ سارہ دختر عبدالرحمٰن بن شاہ محمد حاکم ان سے دو فرزند محمد دائم و محمد عاقل اور ایک دختر مسماۃ شریفہ زوجہ سید جان محمد بن محمد عاقل قاسمی۔ سیّد محمد دائم کے ایک پسر بدرالدین جس کا نکاح مسماۃ حضور النساء، دختر ولی محمد بن محمد حافظ قاسمی کے ساتھ ہوا ان سے ایک دختر جمیعت النساء زوجہ امام الدین بن غوث محمد قاسمی۔ نکاح سید محمد عاقل باسماۃ رازق دی دختر سید محمود بن محمد منعم فاضلی ان سے تین فرزند محمد اشرف حسین۔ مظفر حسین۔ ابو محمد۔ نکاح محمد اشرف حسین باسماۃ رقیہ دختر ولی محمد بن سید محمد حافظ قاسمی ان سے ایک فرزند سید عمر علی اور ایک دختر کہ جس کا مزید حال معلوم نہیں نکاح سید عمر علی باسماۃ ہدایت عرف منڈ ھا دختر امان الدین بن غوث محمد قاسمی ان سے دو فرزند حاجی عارف علی و عزت علی و دو دختر ایک مسماۃ آرزو زوجہ حسین علی بن سید حنیظ علی حاکمی دوسری رحیم النساء، زوجہ مدد علی بن سید آل نبی فاضلی۔ نکاح سید عارف علی باسماۃ فضیلت النساء، دختر مولوی شرف علی شاہد وردی ان سے چار فرزند شرف الدین حسن۔ بہاء الدین حسن۔ تاج الدین حسن۔ کرامت حسین کہ جوانی میں فوت ہو گئے۔ نکاح سید شرف الدین حسن باسماۃ خیر النساء دختر غلام نبی بن سید آل نبی فاضلی ان سے ایک فرزند اور ایک دختر جو ناکتخدا فوت ہو گئے۔ نکاح سید بہاء الدین حسن باسماۃ صاحب النساء، دختر سید عزت علی بن عمر علی فاضلی ان سے دو فرزند سید الدین حسن و بشیر الدین حسن اور دو دختر ایک مراد النساء، زوجہ محمد حسن بن غلام نبی فاضلی دوسری حبیب النساء زوجہ نیاز علی بن سید مدد علی فاضلی لاولد فوت ہوئیں۔ نکاح سید سید الدین حسن باسماۃ سرفراز النساء دختر یوسف علی بن سید مدد علی فاضلی اولاد ندارد۔ نکاح سید بشیر الدین حسن باسماۃ اکرام النساء، دختر محفوظ علی بن سید حافظ علی فاضلی ان سے تین دختر ایک احترام النساء زوجہ حکیم عبدالحق بن سید عبداللہ از اولاد شاہ پنجو دوسری اعتقاد النساء، زوجہ کریم احمد بن سید فرزند علی فاضلی تیسری سلام النساء زوجہ جمیل احمد بن سید امتیاز علی صالحی۔ سید تاج الدین حسن کے دو منکوحہ تھیں ایک جن کا نام معلوم نہیں اس کو طلاق دیدی اولاد ندارد۔ منکوحہ دوسری مسماۃ نظام النساء دختر شاہ آل احمد بن مفتی نظر محمد فاضلی ان سے ایک فرزند سید محمود حسن اور دو دختر مسماۃ لطیف النساء زوجہ امتیاز علی بن سید مراد علی صالحی دوسری حمیدہ النساء، زوجہ عبدالباری بن سید سراج احمد فاضلی۔ نکاح سید محمود حسن باسماۃ سرور النساء، دختر فیض حسین بن سید یوسف علی فاضلی ان سے ایک دختر

مساۃ تجمید النساء زوجہ آل محمد شاہ بن سید نذیر احمد شاہ فاضلی۔ نکاح سید عزت علی بن عمر علی بامساۃ عظیم النساء
دختر خطیب ولی الدین شیخ انصاری ان سے ایک فرزند سید عظمت علی اور دو دختر ایک صاحب النساء زوجہ بہاء الدین حسین
بن سید عارف علی فاضلی دوسری نصیب النساء زوجہ امام علی بن بدر علی فاضلی۔ نکاح سید مظفر حسین بن محمد عاقل بامساۃ
الفت النساء عرف گمی دختر خطیب نصیر الدین انصاری ان سے ایک فرزند کہ نام معلوم نہیں نا کتخدا فوت ہو گئے۔
سید ابو محمد بن مفتی محمد عاقل کے دو زوجہ ایک احرم عمرؔ نام ان سے ایک پسر نجم الدین منکوحہ دوم مساۃ فاطمہ
دختر شیخ صدر الدین صدیقی لاہوری ان سے ایک فرزند سید نظر محمد۔ نکاح سید نجم الدین کا کسی عورت کے ساتھ (۴۰)
محلہ شہباز پور رہا تھا ان سے تین دختر مساۃ رجیفہ کہ شہباز پور میں جس کا نکاح ہوا تھا دوسری عجیبہ زوجہ انتخاب علی تیسری
چھوٹی زوجہ میاں جی عبد العلی اولاد ندارد نکاح سید مفتی نظر محمد شاہ بامساۃ مہر و دولت عرف مہرو ان سے دو فرزند سید (۴۰)
نور احمد و سید آل احمد اور ایک دختر جو ناکتخدا جوانی میں فوت ہو گئی سید نور احمد کے دو بیویاں ایک مساۃ امانت النساء
دختر عطائی الدین بن سید غلام ولی صالحی ان سے دو فرزند سید ظہور احمد و ضیاء احمد کہ ناکتخدا فوت ہوئے اور تین
دختر ایک مساۃ مجیب النساء زوجہ سید فدا حسین بن محمد حسن فاضلی دوسری مساۃ نجابت النساء زوجہ سید منظور علی بن امام علی صالحی
تیسری حبیب النساء زوجہ شیخ الٰہی بخش صدیقی سید پوری۔ دوسری منکوحہ مساۃ رحمت النساء دختر نتھو خاں پٹھان ساکن
شہباز پور ایک فرزند سید عسکری احمد و دو دختر ایک مساۃ عنایت النساء زوجہ یعقوب علی بن سید قربان علی ہاشمی دوسری
مساۃ کفایت النساء زوجہ حامد حسین بن شیخ نادر حسین عباسی۔ سید ظہور احمد کے دو منکوحہ ایک مساۃ نذیر النساء عرف
نھو دختر امام بخش بن عطائی الدین صالحی ان سے ایک فرزند سید مقبول احمد۔ منکوحہ دوم مساۃ وجیہ النساء ساکن مراد آباد
اولاد ندارد۔ نکاح سید مقبول احمد بامساۃ حسن بانو دختر قاضی محمد حسین ساکن مراد آباد ان کے پانچ فرزند ایک
مشتاق احمد دوسرا اشفاق احمد تیسرا اخلاق احمد چوتھا اسحاق احمد یہ تین ناکتخدا فوت ہوئے پانچویں اشتیاق احمد
سید مشتاق احمد کے دو زوجہ ایک مساۃ محمدی بیگم دختر راجہ سید عبد العلی ساکن بھوپال اولاد ندارد دوسری زوجہ
مساۃ سعیدہ غیر کفو ان سے ایک پسر سید عزیز احمد۔ نکاح سید اشتیاق احمد بامساۃ اکرام النساء دختر مظہر علی
بن سید مودود بخش ان سے دو فرزند سید رفیق احمد و سید توفیق احمد اور ایک دختر مساۃ صدیقہ بانو زوجہ قاضی
تسلیم حسین ساکن مراد آباد۔ نکاح سید رفیق احمد بامساۃ بلقیس بیگم دختر شیخ عبد الماجد بن مقبول حسین صدیقی کوٹ والہ
ان سے ایک فرزند سید منیر احمد عرف نیر و چار دختر حسین بانو زوجہ ضیاء احمد بن قطب الدین ساکن بارہ بنکی و رشیدہ بانو و
عذرا بانو و تمسہ سلطانہ نکاح سید توفیق احمد بامساۃ نفیسہ بیگم دختر قاضی تسلیم حسین مراد آبادی اولاد ندارد نکاح سید عسکری احمد
بامساۃ خورشید النساء دختر قربان علی بن سید غلام علی ہاشمی ان سے ایک دختر مساۃ ذاکری بیگم زوجہ سید احمد حسین بن
فضل حسین صالحی نکاح سید آل احمد بن مفتی نظر محمد شاہ بامساۃ معصومہ دختر شیخ قاضی ریاض الدین صدیقی سید پوری (۴۱)

(۴۲)

(سوم)

ان سے چار فرزند سید اولاد احمد و سید سراج احمد و سید نیاز احمد و سید نذیر احمد شاہ و دو دختر ایک مسماۃ
الفت النساء زوجہ منظور حسن بن سید محفوظ علی فاضلی دوسری مسماۃ نظام النساء زوجہ مولوی تاج الدین حسن بن حاجی عارف علی
فاضلی نکاح سیدؒ اولاد احمد بامسماۃ نجیب النساء دختر سیدؒ امام علی بن عطاء الدین صالحی ان سے تین فرزند ابن احمد سبط احمد
جلیل احمد اور ایک دختر حبیب النساء عرف بجّا زوجہ امتیاز علی بن سید مراد علی صالحی۔ سید ابن احمد کے دو منکوحہ ایک مسماۃ
صبیح النساء دختر منظور علی بن سید امام علی صالحی ان سے ایک فرزند سید شکیل احمد اور ایک دختر مسماۃ تقی النساء زوجہ سید
نظر حسن بن منظور حسن فاضلی منکوحہ دوم مسماۃ فاطمہ بیگم دختر محمد یعقوب بن سید عبد العلی فاضلی ان سے ایک فرزند عقیل احمد اور
ایک دختر عائشہ بیگم زوجہ رؤف احمد بن شمس العلماء امیر احمد فاضلی۔ نکاح سید شکیل احمد بامسماۃ طیبہ بیگم دختر صابر حسین بن
احتشام الدین صدیقی کوٹ والا ان سے ایک فرزند سعید احمد عرف انجمن و دو دختر ایک رضیہ بیگم زوجہ شہزاد علی بن سید
اعجاز علی صالحی و مسماۃ اسماء بیگم زوجہ محمد احسان بن محمد عثمان فاضلی نکاح سید سعید احمد بامسماۃ واجدہ بیگم دختر سید آغا علی
بن تقی علی قاسمی ان سے چار فرزند ذہین احمد، معین احمد، عبد المتین، عبد الفتاح و یک دختر عابدہ سید عقیل احمد بن ابن احمد
کے تین منکوحہ ایک مسماۃ صفورہ بیگم دختر جمیل احمد بن سید امتیاز علی صالحی اولاد ندارد دوسری مسماۃ عقیلہ بیگم دختر آل محمد
بن سید نذیر احمد شاہ ان سے تین فرزند رشید احمد کہ بعالم شباب فوت ہوئے و شریف احمد و نسیم احمد و یک دختر جمیلہ بیگم
زوجہ عبد الملک بن سید اقتدار احمد فاضلی و منکوحہ سوم مسماۃ خیری بیگم دختر منشی شاکر حسین بن صابر حسین صدیقی
کوٹ والا ان سے چھ فرزند حنیف احمد۔ ظریف احمد۔ خورشید احمد۔ حبیب احمد محمد یحیٰ۔ محمد الیاس۔ و یک دختر مسماۃ عامرہ۔
نکاح سید شریف احمد بامسماۃ فطورہ بیگم دختر نفیس احمد بن سید کریم احمد فاضلی ان سے ایک فرزند توصیف احمد و دو تین
دختر صفیہ و نقیہ نکاح سیدؒ سبط احمد بامسماۃ مسرت النساء دختر قاضی محمد علی بن ریاض الدین صدیقی سید پوری ان سے
ایک دختر میمونہ بیگم زوجہ حافظ وکیل احمد بن سیدؒ جمیل احمد صالحی نکاح سیدؒ جلیل احمد بامسماۃ شمسی بیگم دختر سیدؒ امتیاز علی
بن مراد علی صالحی اولاد ندارد و نکاح سید سراج احمد آل احمد شاہ بامسماۃ ممتاز النساء دختر شاہ علی بن قاضی
فضل امام صالحی ان سے دو فرزند سید عبد الہادی و سیدؒ عبد الباقی و دو دختر مسماۃ توقیر النساء زوجہ محمد میر بن سیدؒ
عبد العلی فاضلی و مسماۃ رابعہ عرف ربن زوجہ نظر حسن بن سید منظور حسن فاضلی نکاح سیدؒ عبد الہادی بامسماۃ
تحمید النساء دختر سید تاج الدین حسن بن حاجی عارف علی فاضلی ان سے دو فرزند ایک ہبۃ اللہ جو خورد سالگی میں
فوت ہو گئے دوسرے اعجاز احمد و یک دختر تقدیس النساء کہ بعمر چودہ سال فوت ہو گئی نکاح سیدؒ اعجاز احمد بامسماۃ
توفیق النساء دختر سید محمد میر بن عبد العلی فاضلی ان سے ایک دختر مسماۃ مصطفائی بیگم زوجہ ابو احمد بن سید آل محمد شاہ
فاضلی نکاح سیدؒ عبد الباقی بامسماۃ زیب النساء دختر شیخ محمد علی بن قاضی ریاض الدین سید پوری ان سے ایک دختر مسماۃ عفیفہ بیگم
زوجہ محمد حسن بن سید امتیاز حسن فاضلی۔ نکاح سید نیاز احمد بن آل احمد شاہ بامسماۃ بشیر النساء عرف بچھو دختر شیخ

عابدہ بیگم زوجہ ... بن سید عبد اللہ فاضلی

وحسینہ بیگم ۔ نکاح سید عبدالقیوم باسماۃ رشیدہ بیگم دختر سید سجاد حسن بن ابرار حسن صالحی ان سے دو پسر
سید حارث و سید بلیغ اور دو دختر سماۃ تاج و سماۃ فرخ ۔ سید محمد منعم بن مفتی محمد فاضل کے دو فرزند غلام محمد
و سید محمود ۔ غلام محمد کے ایک فرزند محمد وارث ۔ نکاح سید محمد وارث باسماۃ مالک دی دختر سید محمود بن محمد منعم
فاضلی ان سے دو فرزند ایک محمد یوسف و محمد یعقوب ۔ محمد یوسف کے ایک فرزند محمد واصل اور ایک دختر سماۃ اللہ دی
زوجہ سید عطاء اللہ کھچریہ ۔ محمد واصل کے ایک فرزند عبدالقادر اور تین دختر سماۃ حفیظہ زوجہ خیرالدین بن محمد حنیف صالحی
و عاقلان زوجہ سردار محمد بن غوث محمد ہاشمی و سماۃ امین زوجہ محمد علی بن رحم علی حاکمی ۔ نکاح سید عبدالقادر باسماۃ مہرالنساء دختر اسد علی
بن محمد والی فاضلی ان سے ایک دختر مہتاب النساء عرف فاطمہ زوجہ شہاب الدین بن احمد حاکمی نکاح محمد یعقوب بن محمد وارث
باسماۃ زہرہ دختر محمد والی بن سید محمود فاضلی ان سے ایک فرزند محمد مناف ۔ نکاح سید محمد مناف باسماۃ مریم دختر
محمد اعظم بن معین الدین حسن حاکمی ان سے دو فرزند ایک ہدایت علی دوسرے مبارز علی نکاح سید ہدایت علی باسماۃ
زینت دختر اسد علی بن محمد والی فاضلی اولاد ندارد نکاح سید مبارز علی باسماۃ لنساء دختر فتح علی بن محمد والی فاضلی
ان سے دو فرزند تراب علی عبدالکریم نکاح سید تراب علی باسماۃ سید النساء عرف سیدو دختر شیخ شہاب الدین
کوٹ والا ان سے پانچ فرزند عبدالعلی ۔ نوازش علی جعفر علی ظہور علی ضامن علی ۔ اور ایک دختر جمعیت النساء
زوجہ یوسف علی بن مدد علی فاضلی ۔ نکاح سید عبدالعلی باسماۃ منیر النساء دختر غلام نبی بن آل نبی فاضلی ان سے
دو فرزند ایک محمد یعقوب دوسرے محمد میر و دو دختر سماۃ زیب النساء زوجہ انوار حسین بن محمد یوسف فاضلی و اشرف النساء
عرف بگا زوجہ لطف علی بن جعفر علی فاضلی ۔ نکاح محمد یعقوب باسماۃ حضور النساء عرف جیا دختر بخشش علی بن عبدالکریم
فاضلی ان سے چار فرزند محمد یوسف و محمد ایوب و محمد یعقوب و محمد شعیب اور چار دختر محمود النساء عرف ممن زوجہ
حافظ سید حسن بن سید انوار حسین فاضلی و حسینی بیگم زوجہ محمد ابراہیم بن سید ضامن علی فاضلی و سماۃ خدیجہ بیگم
عرف چھٹا زوجہ شمس العلی وامیر احمد بن امیر حسن فاضلی و سماۃ فاطمہ بیگم زوجہ حافظ ابن احمد بن سید اولاد محمد فاضلی
نکاح سید محمد یوسف باسماۃ شرف النساء دختر سید محمد میر بن سید عبدالعلی ان سے ایک فرزند فخرالحسن
کہ جوان فوت ہو گئے اور ایک دختر سماۃ مریم زوجہ سراج الحسن بن حافظ سید حسن فاضلی نکاح سید محمد ایوب
باسماۃ محمود النساء عرف بندا دختر سید فدا حسین بن یوسف علی فاضلی ان سے ایک دختر سلطانہ ستارا جوان ناکتخدا فوت ہوئی
نکاح سید محمد یعقوب باسماۃ شفقہ بیگم دختر اولاد حسین بن سید ظہور علی فاضلی اولاد ندارد نکاح سید محمد شعیب
باسماۃ اکبری بیگم دختر شبیر حسن بن شیخ اکبر حسن صدیقی ان سے ایک فرزند عبدالمقتدر ۔ و دو دختر صابرہ بیگم عرف
صبا زوجہ سید محمد بن امیر احمد فاضلی و شاکرہ بیگم عرف شنو زوجہ خلیل الرحمٰن بن محمد ابراہیم فاضلی ۔ نکاح سید عبدالمقتدر
باسماۃ صدیقہ بیگم دختر سید ہادی علی بن منظور علی صالحی ان سے تین فرزند عبدالقادر و محمد عارف و محمد طارق اور

تین دختر انور جہاں و زینت جہاں و شاہین سیّد محمد میر بن عبد العلی کے دو منکوحہ ایک مسماۃ مقبول النساء
دختر برکت علی بن سید مدد علی فاضلی ان سے ایک فرزند محمد یحییٰ کہ ناکتخدا فوت ہوگیا اور دو دختر مسماۃ مشرف النساء
زوجہ محمد یوسف علی بن محمد یعقوب فاضلی دوم مسماۃ تشریف النساء زوجہ محمد اسحاق بن سیّد جعفر علی فاضلی۔
دوسری منکوحہ مسماۃ توقیر النساء دختر سراج احمد بن آل احمد شاہ فاضلی ان سے ایک فرزند محمد یونس اور ایک
دختر مسماۃ توفیق النساء زوجہ مولوی اعجاز احمد بن سیّد عبد الباری فاضلی۔ نکاح سیّد محمد یونس بامسماۃ کلثوم النساء
دختر محمد اسحاق بن جعفر علی فاضلی اولاد ندارد سیّد نوازش علی بن تراب علی کی تین منکوحہ ایک مسماۃ مجید النساء
دختر سید علی بن آل نبی فاضلی ان سے دو دختر مسماۃ بشیر النساء زوجہ فرزند علی بن رستم علی فاضلی و مسماۃ صغیرا
کہ ناکتخدا فوت ہوگئی منکوحہ دوئم کفایت النساء دختر سیّد عباس علی ساکن موضع میران پور ان سے ایک فرزند
محمد نذیر تیسری منکوحہ مسماۃ مراد النساء دختر امیر علی ساکن سنبھل اولاد ندارد۔ نکاح سیّد محمدؐ نذیر با مسماۃ
امراؤ بیگم دختر شیخ تفضل حسین بن نادر حسین عباسی اولاد ندارد۔ نکاح سید جعفر علی بن تراب علی بامسماۃ
سلیم النساء دختر قاضی جلال الدین کوٹ والا ان سے تین فرزند لطف علی۔ محمود حسن۔ محمد اسحاق نکاح سیّد لطف علی
بامسماۃ اشرف النساء عرف بگا دختر عبد العلی بن سید تراب علی اولاد ندارد۔ نکاح سیّد محمود حسن بامسماۃ ولی النساء
دختر سید ظہور علی بن تراب علی اولاد ندارد۔ سیّد محمد اسحاق کی دو منکوحہ ایک مسماۃ مسعود النساء دختر سیّد
بخشش علی بن عبد الکریم فاضلی ان سے ایک فرزند محمد ذکریا اور ایک دختر مسماۃ کلثوم النساء زوجہ سیّد محمد یونس
بن محمد میر فاضلی دوسری منکوحہ مسماۃ تشریف النساء دختر محمد میر بن سیّد عبد العلی فاضلی ان سے ایک فرزند التفات الرحمٰن
نکاح سیّد محمد ذکریا بامسماۃ وقر النساء دختر سید احفاد علی بن یاد علی صالحی اولاد ندارد۔ سیّد التفات الرحمٰن کے
دو منکوحہ ایک مسماۃ زینب بیگم دختر یاد علی بن مراد علی صالحی اولاد ندارد دوسری منکوحہ مسماۃ مغفری بیگم دختر
بنیاد حسن بن سید امداد علی ہاشمی ان سے ایک فرزند محفوظ الرحمٰن اور ایک دختر مسماۃ سعیدہ مریم۔ نکاح سیّد
ظہور علی بن تراب علی بامسماۃ معصوم النساء دختر سید اکبر علی بکھرویہ ان سے تین دختر مسماۃ ولایت النساء
عرف دلتی زوجہ سید رونق حسین بن یوسف علی فاضلی نکاح سیّد ضامن علی بن تراب علی بامسماۃ انتظام النساء
دختر شیخ فقیر اللہ کوٹ والا ان سے دو فرزند محمد ابراہیم و اولاد حسین و دو دختر مسماۃ عزت النساء زوجہ شیخ
اکبر حسین بن عزیز حسن و مسماۃ مقبول النساء زوجہ حشمت علی بن ہاشم علی ہاشمی نکاح سیّد محمد ابراہیم بامسماۃ حسنی بیگم
دختر محمد یعقوب بن سیّد عبد العلی ان سے ایک فرزند محمد فراہیم۔ نکاح سیّد محمد فراہیم بامسماۃ وقوف النساء دختر شیخ
اکبر حسن ان سے ایک فرزند خلیل الرحمٰن۔ نکاح سیّد خلیل الرحمٰن بامسماۃ شاکرہ بیگم دختر سید محمد شعیب ان سے چار فرزند
عبید الرحمٰن عتیق الرحمٰن محمد سیف۔ محمد انیس اور ایک دختر مدینہ خاتون زوجہ عبد الحبیب بن شیخ محمد صدیق نکاح سید

۴۴ دکفایت النساء زوجہ اولاد حسن بن سید ضامن علی فاضلی و مسماۃ ولی النساء زوجہ محمود حسن بن جعفر علی فاضلی

عبید الرحمٰن باسماۃ سلیمہ بیگم دختر محمد فاروق بن سید محمد صدیق فاضلی نکاح سید اولاد حسین بن ضامن علی با سماۃ کفایت النساء دختر ظہور علی بن تراب علی ان سے ایک دختر سماۃ شفقہ بیگم زوجہ محمد یعقوب بن سید محمد یعقوب فاضلی۔ نکاح سید عبدالکریم بن مبارز علی باسماۃ نجیب النساء عرف مگن دختر سید علی بخش بکرودیہ ان سے ایک فرزند بخشش علی۔ سید بخشش علی کے دو منکوحہ ایک سماۃ صاحب النساء عرف گجہ دختر سید کریم بخش بکرودیہ ان سے ایک فرزند ابوالقاسم کہ بچپن میں فوت ہوگئے اور دو دختر سماۃ حضور النساء زوجہ سید محمد یعقوب بن تراب علی و سماۃ مطلوب النساء زوجہ فدا حسین بن یوسف علی فاضلی دوسری منکوحہ سماۃ قطب النساء دختر شیخ بدر الدین فاروقی ان سے دو فرزند محمد صدیق اور سید احمد۔ و دو دختر سماۃ مسعود النساء زوجہ محمد اسحاق بن سید جعفر علی فاضلی و سماۃ محمود النساء عرف چھجو زوجہ دلدار حسن بن شیخ نیاز حسن صدیقی۔ سید محمد صدیق کے تین منکوحہ ایک سماۃ موصوف النساء دختر شیخ امیر حسن انصاری گُنّاں پور لاولد دوسری سماۃ عروج النساء دختر افتخار حسن بن سید فرزند علی فاضلی لاولد تیسری سماۃ اخلاص النساء دختر فدا علی بن سید مراد علی صالحی ان سے دو فرزند محمد فاروق و محمد صالح اور دو دختر سماۃ توصیف النساء زوجہ حکیم شمس الحسن بن ضیاء الحسن فاروقی و سماۃ صغیرا بیگم زوجہ محمد مصطفےٰ عرف محمد میاں بن شیخ عبدالمعبود۔ نکاح سید محمد فاروق باسماۃ ذکیہ بیگم دختر شبیر علی بن سید فدا علی صالحی ان سے تین فرزند محمد صادق و محمد ادریس و محمد باقر اور تین دختر سماۃ صغریٰ زوجہ عبدالحی بن سید یوسف احمد فاضلی و سماۃ سلیمان زوجہ عبدالرحمٰن بن خلیل الرحمٰن فاضلی و سماۃ حبیبہ زوجہ محمد فاضل بن محمد صالح فاضلی نکاح سید محمد صادق باسماۃ مبینہ دختر محمد صالح بن سید محمد صدیق فاضلی۔ نکاح سید محمد ادریس باسماۃ عفیفہ دختر سید محمد صالح مذکور۔ نکاح سید محمد صالح باسماۃ زبیدہ بیگم دختر سید شبیر علی مذکور ان سے چار فرزند محمد فاضل و محمد افضل و محمد اشرف و محمد امجد اور تین دختر سماۃ مبینہ زوجہ محمد صادق بن سید محمد فاروق فاضلی و سماۃ عفیفہ زوجہ محمد ادریس بن محمد فاروق مذکور

نکاح سید محمد فاضل باسماۃ حبیبہ دختر محمد فاروق مذکور۔ سید سید احمد بن بخشش علی کی تین منکوحہ ایک سماۃ چھٹا دختر شیخ محمد علی سید پوری لاولد دوسری سماۃ توفیق النساء دختر مولوی محمد بشیر فاروقی ان سے ایک پسر سید محمد جو بعمر چہ دہ سال فوت ہوگیا تیسری سماۃ معراج النساء دختر حکیم محمد ظریف ان سے ایک فرزند محمد ہاشم۔ نکاح سید محمد ہاشم باسماۃ شکیلہ بیگم دختر شیخ احمد حسین ان سے ایک فرزند محمد ناظم اور تین دختر ایک مینہ خاتون زوجہ ظہیر حسن بدایونی دوسری شمیمہ خاتون تیسری فیروزہ خاتون سید سید محمود بن سید محمد منعم کی دو منکوحہ ایک سماۃ عائشہ دختر شاہ عبدالرحمٰن بن محمد حاکم ان سے ایک فرزند محمد والی دوسری منکوحہ سماۃ ماہ بی بی دختر شیخ حاجی سلیمان از اولاد حضرت جنید بغدادی ساکن بلرام پور ان سے تین دختر سماۃ فدادی زوجہ عبدالعزیز بن عبدالحکیم حاکمی و سماۃ مالک دی زوجہ محمد وارث بن غلام محمد فاضلی و سماۃ رازق دی زوجہ محمد عاقل بن مفتی عبدالغفور فاضلی۔

سید محمد والی کے تین فرزند علی احمد و فتح علی و اسد علی اور دو دختر ایک مسماۃ زہرہ زوجہ محمد یعقوب بن محمد وارث ہاشمی اور دوسری مسماۃ شریفہ زوجہ سید محمد بن دولت محمد قاسمی۔ سید علی احمد کے دو زوجہ ایک نور النساء دختر محمد شاکر بن محمد حافظ قاسمی ان سے ایک فرزند شرف علی دوسری مسماۃ فتی ان سے ایک فرزند آل نبی اور ایک دختر مسماۃ سلمیٰ۔ نکاح سید شرف علی با مسماۃ عرف سندھ عاد دختر سید احمد بن دولت محمد قاسمی ان سے تین فرزند سید فرزند علی و بندہ علی و قمر علی یہ تینوں لاولد فوت ہوئے اور ایک دختر مسماۃ رقیہ اس کی کیفیت نامعلوم۔ نکاح سید آل نبی با مسماۃ فیض النساء ان سے تین فرزند محمود علی و مدد علی و غلام نبی و یک دختر مسماۃ حیات النساء زوجہ اسباط علی بن محمد نواز ہاشمی۔ نکاح سید محمود علی با مسماۃ حی النساء دختر سعادت علی بن سید محمد قاسمی ان سے دو فرزند راحت علی و احمد علی عرف بھکو اور ایک دختر کریم النساء عرف گمان۔ نکاح سید راحت علی با مسماۃ فیض العت النساء دختر اسباط علی بن محمد نواز ہاشمی ان سے تین دختر نجف النساء دوسری فضل النساء تیسری امانت النساء زوجہ مظفر حسین بن امین الدین ہاشمی نکاح سید احمد علی عرف بھکو با مسماۃ عظیم النساء دختر رحیم علی بن علی اکبر ہاشمی ان سے ایک فرزند محمد شاف کمسنی میں فوت ہوگیا اور تین دختر مسماۃ عظیم النساء زوجہ عنایت حسین بن اولاد علی ہاشمی قادر آبادی و عظیمت النساء زوجہ سید سرفراز علی از اولاد شاہ پنجو و نبی النساء عرف بنو زوجہ شیخ محمد علی سید پوری۔ نکاح سید مدد علی بن آل نبی با مسماۃ رحیم النساء دختر سید عمر علی بن شرف الدین حسن فاضلی ان سے دو فرزند یوسف علی و امام علی اور دو دختر ایک عظیم النساء زوجہ رستم علی بن قطب علی فاضلی و وحید النساء زوجہ نواز ش علی بن تراب علی فاضلی۔ نکاح سید یوسف علی با مسماۃ جمیعت النساء دختر تراب علی بن سید مبارز علی فاضلی ان سے چار پسر انوار حسین و غالب حسین و رونق حسین و فدا حسین اور تین دختر ایک عشرت النساء عرف عسا زوجہ الطاف حسین بن رستم علی فاضلی دوسری سرفراز النساء زوجہ سید الدین حسن بن بہاء الدین حسن تیسری ممتاز النساء عرف ممتی زوجہ سید نجف علی کروئیہ سید انوار حسین کے دو منکوحہ ایک زیب النساء دختر عبد العلی بن سید تراب علی ان سے ایک فرزند سید حسن اور ایک دختر مسماۃ شکور النساء زوجہ اقبال حسین بن رونق حسین فاضلی دوسری منکوحہ مسماۃ شکور النساء عرف شکو دختر سید ذاکر علی کروئیہ ان سے دو فرزند اسرار حسین و اخلاص حسین اور ایک دختر مغفور النساء زوجہ عبد السلام بن فدا حسین نکاح سید سید حسن با مسماۃ محمود النساء عرف ممن دختر محمد یعقوب بن عبد العلی فاضلی ان سے دو فرزند سراج الحسن و سید حسین اور ایک دختر مسماۃ عتیق النساء عرف عطا زوجہ سید عبد اللطیف کروئیہ سید سراج الحسن کی دو زوجہ ایک مسماۃ مریم دختر محمد یوسف بن محمد یعقوب اولاد ندارد دوسری مسماۃ تفریح النساء دختر مولوی عبد الصمد بن سید غالب حسین فاضلی ان سے دو دختر سیدہ بیگم زوجہ اشتعاق حسین بن انوار حسین دوسری طیبہ بیگم زوجہ شیخ اکرام حسن بن محمد احسان صدیقی۔ نکاح سید سید حسین با مسماۃ طاہرہ بیگم دختر اختر جمیل بن شیخ عبد الباسط صدیقی کوٹ والا ان سے ایک فرزند سید عبد التواب۔ سید عبد التواب کے تین زوجہ ایک مسماۃ عرف چھوٹی دختر اصغر علی بن حامد علی اس کو طلاق دیدی دوسری مسماۃ تمیز بیگم دختر اظفر حسین بن حیدر حسین ہاشمی ان سے ایک فرزند عمر فاروق۔ تیسری عزیز بیگم دختر سید اظفر حسین مذکور ان سے ایک دختر عتیقہ بیگم۔ نکاح سید اسرار حسین

٭ نبیرہ سید محمد حسین بن محمد امین

بامسماۃ حیات النساء عرف ختو دختر سید نجف علی بکیروٹیاں سے دو فرزند اظہار الحسن مفتاح الحسن یہ دونوں
بہ عنفوان شباب فوت ہوئے اور چار دختر ایک تصدیق النساء دوم تقدیس النساء یہ دونوں یکے بعد دیگرے بحبالہ
عقد نکاح مولوی مصباح الحسن بن سید عبد الصمد فاضلی میں آئیں سوم صدیق النساء چہارم مسماۃ سارا بیگم یہ دونوں
یکے بعد دیگرے سید اعزاز حسین بن مولوی اخلاص حسین کی زوجیت میں آئیں۔ نکاح سید اخلاص حسین بامسماۃ
تشریق النساء دختر مولوی عبد الصمد بن غالب حسین فاضلی ان سے پانچ فرزند ایک انفاس حسین کہ بعالم شباب
فوت ہوئے دوسرے اقتباس حسین تیسرے مقداد حسین یہ دونوں بھی ناکتخدا فوت ہو گئے چوتھے اختصاص حسین
پانچویں اعزاز حسین اور ایک دختر مسماۃ ریحانہ کہ بعمر چودہ سال فوت ہو گئی نکاح سید اختصاص حسین
بامسماۃ سیدہ بیگم دختر سید سراج الحسن بن سید حسن ان سے ایک فرزند اوصاف حسین کہ در خورد سالگی فوت ہوا
اور دو دختر ایک ریحان فاطمہ زوجہ عبد الجبار عرف جتی بن سید عبد السلام دوسری رضوان فاطمہ زوجہ سید محمد
بن اعزاز حسین۔ سید اعزاز حسین کی دو زوجہ ایک مسماۃ صدیق النساء دختر اسرار حسین بن انوار حسین فاضلی۔
ان سے ایک فرزند سید محمد دوسری مسماۃ ساریہ دختر سید اسرار حسین مذکور ان سے ایک فرزند سید اصغر
اور ایک دختر مسماۃ زوجہ عبد الولی بن سید مشکوٰۃ الحسن فاضلی۔ سید محمد کے دو زوجہ ایک مسماۃ
رضوان فاطمہ دختر سید اختصاص حسین بن اخلاص حسین ان سے ایک فرزند اختر دوسری مسماۃ نسیم دختر
شیخ غلام جیلانی ان سے دو فرزند انور و اطہر اور ایک دختر عابدہ نکاح سید اصغر بامسماۃ شمیم دختر غلام جیلانی
مذکور ان سے دو دختر صالحہ و صغیرہ۔ سید غالب حسین بن یوسف علی کے دو زوجہ ایک مسماۃ نور النساء دختر
سید نیاز علی اولاد ندارد دوسری مسماۃ عظیم النساء عرف چھٹا دختر محمد بخش بن سید جمال اللہ ہاشمی ان سے ایک
فرزند سید عبد الصمد اور ایک دختر مسماۃ تسلیم النساء زوجہ سید عابد حسن بن ذاکر علی بکروٹیہ نکاح سید عبد الصمد
بامسماۃ بہبود النساء دختر سید فدا حسین بن یوسف علی فاضلی ان سے ایک فرزند مصباح الحسن و دو دختر مسماۃ
تشریق النساء زوجہ سید اخلاص حسین بن انوار حسین و مسماۃ تفریح النساء زوجہ سید سراج الحسن بن سید حسن۔
سید مصباح الحسن کی تین منکوحہ ایک مسماۃ تہذیب النساء دختر سید محمد احسن بن رونق حسین ان سے ایک فرزند عبد العلی جو
بعمر پندرہ سال فوت ہو گیا دوسری منکوحہ مسماۃ تصدیق النساء دختر سید اسرار حسین بن انوار حسین فاضلی ان سے دو فرزند
عبد السمیع نام دونوں فوت ہو گئے تیسری منکوحہ تقدیس النساء دختر سید اسرار حسین مذکور ان سے دو دختر صفیہ و محمدی
دونوں فوت ہو گئیں۔ نکاح سید رونق حسین بن یوسف علی بامسماۃ ولایت النساء دختر ظہور علی بن تراب علی فاضلی
ان سے تین فرزند۔ اقبال حسین محمد احسن۔ محمد امین اور ایک دختر مسماۃ حمیدہ النساء زوجہ انتخاب حسین بن فرزند علی فاضلی
نکاح سید اقبال حسین بامسماۃ شکور النساء دختر سید انوار حسین بن یوسف علی فاضلی اولاد ندارد نکاح سید محمد احسن بامسماۃ

امداد النساء دختر احمد حسن بن محمد علی حاکمی ان سے ایک دختر مسماۃ تہذیب النساء زوجہ مصباح الحسن بن سید
عبد الصمد فاضلی۔ نکاح سید محمد امین باسماۃ ماجدہ بیگم دختر حکیم اسد علی بن سید رحیم اللہ ان سے ایک فرزند
محمد حسین اور ایک دختر مسماۃ آسیہ کہ جوانی میں ناکتخدا فوت ہوئی۔ نکاح سید محمد حسین باسماۃ ظاہرہ* بیگم دختر شیخ
اظہر جمیل کوٹ والا ان سے تین دختر ایک صابرہ بعمر دس سال فوت ہوئی دوسری ذکیہ زوجہ مظہر احمد
بن عبد الصمد قاسمی تیسری واجدہ زوجہ عبید الرحمن بن عبد الرحمن فاضلی نکاح سید فدا حسین بن یوسف علی
باسماۃ مطلوب النساء دختر سید بخشش علی بن عبد الکریم فاضلی ان سے ایک فرزند عبد السلام اور تین دختر مسماۃ
مسرور النساء زوجہ سید محمود حسن بن مولوی تاج الدین حسن فاضلی دوم محمود النساء عرف بندہ زوجہ حافظ محمد ایوب
بن محمد یعقوب فاضلی تیسری بہبود النساء زوجہ عبد الصمد بن غالب حسین فاضلی۔ نکاح سید عبد السلام باسماۃ مغفور النساء
دختر انوار حسین بن یوسف علی فاضلی ان سے چار فرزند مشکوٰۃ الحسن۔ عبد الوہاب۔ عبد الجبار عرف جبی۔ عبد الغفار عرف غفی
نکاح سید مشکوٰۃ الحسن باسماۃ خاتون دختر حبیب احمد بن محمد اسحاق فاضلی ان سے ایک فرزند عبد الولی۔ نکاح سید
عبد الجبار باسماۃ ریحان فاطمہ دختر اختصاص حسین بن سید اخلاص حسین نکاح سید عبد الولی باسماۃ
دختر سید اعزاز حسین بن اخلاص حسین فاضلی نکاح سید امام علی بن مدد علی باسماۃ نصیب النساء دختر عزت علی
بن عمر علی فاضلی ان سے چار فرزند۔ صمصام علی۔ مقصود علی یہ دونوں ناکتخدا فوت ہوئے ولایت علی و مظہر علی و دو دختر
ایک اکرام النساء زوجہ سید عباد اللہ از اولاد شاہ بچو دوسری اقبال النساء زوجہ شیخ نجف علی بن عوض علی۔ نکاح سید ولایت علی
